نسل در نسل آزمودہ صدری اور انمول مجربات کا خزانہ

# مجرباتِ شہباز




حکیم شہباز حسین اعوان کماکی سوہدروی (گولڈ میڈلسٹ)

شاگرد رشید

حکیم محمد یٰسین دنیا پوری رحمۃ اللہ علیہ


نسل در نسل آزمودہ صدری اور انمول مجربات کا خزانہ

# مجرباتِ شہباز


حکیم شہباز حسین اعوان کماکی سہروردی (گولڈ میڈلسٹ)

شاگرد رشید

حکیم محمد یٰسین دنیا پوری رحمۃ اللہ علیہ


ادارہ مطبوعاتِ سلیمانی

رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور • فون: 042-37232788

042-37361408 E-mail: sulemani@gmail.com

www.sulemani.com.pk, facebook.com/sulemani5



ہومیو رسٹی بک ایجنسی

فون: 2212534

خیبر بازار پشاور فیکس: 2212335

# انتساب

میں اپنی اس علمی وفنی کاوش کو اپنے تمام اساتذہ کرام
(۱) حکیم محمد یٰسین صاحب دنیاپوری رحمہ اللہ شاگرد رشید حکیم انقلاب حکیم دوست محمد صابر ملتانی رحمہ اللہ
(۲) حکیم تاج محمد جہلمی صاحب رحمہ اللہ شاگرد رشید جوگی پنڈت مرحوم جموں کشمیر (انڈیا)
(۳) حکیم مولوی زمان صاحب رحمہ اللہ شاگرد رشید حکیم عبدالرحمٰن صاحب رحمہ اللہ شاگرد رشید حکیم اجمل خان صاحب رحمہ اللہ دہلوی۔
(۴) حکیم تاثیر حیدر صاحب رحمہ اللہ شاگرد رشید علامہ شاد گیلانی رحمہ اللہ
(۵) حکیم رانا افتخار احمد صاحب رحمہ اللہ شاگرد رشید حکیم انقلاب حکیم دوست محمد صابر ملتانی رحمہ اللہ کے نام معنون کرتا ہوں، میں آج اپنے آپ کو ان تمام عظیم ہستیوں کے احسانوں تلے دبا پاتا ہوں، میں آج بھی طبی میدان میں جو کچھ بھی ہوں بفضلہٖ تعالیٰ اور انہی اساتذہ اکرام کی طبی تعلیم و تربیت کی وجہ سے ہوں، میرے ان تمام اساتذہ اکرام نے میرے ساتھ انتہائی خلوص اور شفقت کا رشتہ رکھا اور میں نے ان کے ساتھ محبت و عقیدت کا رشتہ رکھا۔ میرے یہ تمام اساتذہ اکرام آج اس دنیا میں نہیں ہیں، لیکن میری شکل میں ان کا علم اور عمل آج بھی خلق خدا کو مستفید کر رہا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ان اساتذہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

حکیم شہباز حسین اعوان کمالی سوہدروی

# فہرست


- پیش لفظ ........ 7
- انرجی ٹانک ........ 8
- روغن گندھک ........ 8
- ضروری ہدایات ........ 9
- اکسیر مفاصل (سنیاسیانہ اکسیر) ..... 10
- روغن مفاصل لاثانی ........ 11
- دردی لیپ ........ 11
- حب مغلظ خاص ........ 12
- یورک ایسڈ کورس ........ 12
- مصفین صندلی ........ 12
- سفوف کثرت احتلام ........ 13
- سفوف مردانہ خاص ........ 13
- سفوف سرعت ........ 14
- حب سرعت خاص ........ 14
- سفوف ستاور ........ 15
- اکسیر خاص ........ 15
- لیکورین ........ 15
- حب جریان وسرعت ........ 15
- سفوف ثعلب ........ 16
- اکسیر ذکاوت خاص ........ 16
- سفوف برائے سرعت رقت وجریان .. 16
- اکسیر سرعت خاص ........ 17
- ٹھنڈک کافوری ........ 17
- اکسیر جگری بخاری ........ 17
- سفوف خاص برائے مردانہ امراض ... 18
- حب مقوی اعصاب قرنفلی ........ 18
- ازراقی مدبر در چھلکا بیخ برگد ........ 19
- سفوف مغلظ منی ........ 20
- سفوف جریان ........ 20
- بوڑھے لوگوں کے جریان منی .. ...... 20
- سفوف برائے کمر درد وغیرہ ........ 21
- سفوف برائے ضعف باہ ........ 21
- سفوف خاص زعفرانی ........ 21
- حب سرعت زعفرانی ........ 22
- اکسیر مذی وودی ........ 22
- حب مقوی باہ ........ 22
- سفوف السی ........ 23
- سفوف سورنجاں خاص ........ 23
- مجربات حکیم محمد علی انصاری صاحب .. 24
- شربت بنفشہ ........ 24
- مرہم برائے چنبل داد خارش ہر قسم .... 24
- مرہم لاجواب ........ 25

- اکسیر احتلام ........ 25
- لاعلاج ٹانسلز کا بغیر اپریشن علاج ..... 26
- سرعت انزال کے لیے لاجواب نسخہ .. 27
- مجربات خصوصی حکیم حافظ آصف .. 28
- معجون مقوی باہ ........ 28
- معجون مقوی خاص ........ 28
- یرقان اور کالا یرقان کیلئے مجرب نسخہ .. 29
- حب جریان شیر برگد والی ........ 29
- مغلظ خاص ........ 30
- سفوف مقوی برائے سوکڑا اطفال ..... 30
- امساکی خاص زعفرانی ........ 31
- شنگرف مدبر در لونگ کی ترکیب ..... 31
- سفوف لاجواب ........ 32
- قوتی امساکی مختصر لاجواب ........ 32
- مقوی ممسک خاص ........ 33
- حب سلاجیت خاص ........ 33
- مغلظ تج والا ........ 34
- مغلظ کونچ والا ........ 34
- بانجھ پن زنانہ کورس ........ 34
- اولاد نرینہ کے لیے کیپسول ........ 35
- حب سرعت بند ........ 35
- کمی خون کے لیے فولادی ٹانک ..... 36
- برائے خارش والرجی ........ 36
- موٹاپہ کے مجرب نسخے ........ 36
- نسخہ ۲ ........ 37
- حافظ پیکیج ........ 37
- دماغی کمزوری اور یادداشت ........ 37
- مجربات خصوصی حکیم محمد یعقوب ...... 38
- گندھک اکسیر ........ 38
- بیضی خاص ........ 38
- یرقانی ........ 39
- قوتی خاص الخاص ........ 39
- مغلظ مقوی ........ 40
- معجون مقوی باہ ........ 40
- خون بند ہر قسم ........ 41
- غربا کے لیے لاجواب مغلظ ........ 41
- غرباء کے لیے خاص مغلظ ........ 42
- غرباء کے لیے تمام صفراوی امراض .. 43
- ایک ضروری وضاحت ........ 44
- بوٹی کی پہچان ........ 44
- حب حنظل زنجبیلی ........ 44
- موٹاپے کے کیپسول ........ 45
- درد دور گولیاں ........ 45
- کمر درد کے لیے نسخہ ........ 465
- چہرے کی چھائیوں کے لیے ........ 46
- کمر درد اور لیکوریا کے لیے ........ 46
- حب نسواں خاص ........ 46
- خارش اور چنبل کے لیے ........ 47

- نو دسپایینٹ یونانی ........ 47
- مجربات خصوصی حکیم چوہدری محمد سلیم ........ 48
- خیساندہ یرقان لاجواب ........ 48
- سفوف مقوی باہ ........ 49
- پنی مردانہ خاص ........ 49
- جریانی خاص ........ 50
- تریاق سرعت مختصر ........ 50
- بے اولادی سفوف ........ 51
- حب ملٹھی خاص ........ 51
- برائے نزلہ وکیرادائمی نزلہ، قبض وغیرہ ........ 51
- حب مقوی خاص سلیمی ........ 52
- مجربات خصوصی، حکیم نعیم الحق اعوان ........ 53
- سفوف مغلظ منی لاجواب ........ 53
- سفوف ثعلب ........ 53
- ٹھنڈک نقرئی ........ 54
- ٹھنڈک پیشاب آور ........ 54
- برائے کثرت احتلام ........ 55
- اکسیر شباب زعفرانی ........ 55
- مصفی خاص سیرپ ........ 56
- غربا کے لیے مردانہ کورس ........ 56
- حب خراطین ........ 56
- معجون اکسیر شباب ........ 57
- خروج رحم کے لیے نسخہ ........ 57
- دوائے لیکوریا مجرب ........ 58
- دوائے جریان مجرب ........ 58
- دوائے لیکوریا مختصر ........ 59
- حب مقوی باہ ........ 59
- طلائے اعظم خاص زعفرانی ........ 59
- جناب حکیم پیر سید اسرار حسین شاہ ........ 61
- حب بہار شفاء ........ 61
- اکسیر اٹھرا ........ 62
- حب کمال ........ 62
- حب مغلظ خاص اسراری ........ 63
- اکسیر بخار ........ 63
- بے بی ٹانک ........ 63
- آب کھجور بنانے کا طریقہ ........ 64


☆......☆......☆

# پیش لفظ

دنیائے طب میں میرے پانچ ایسے اساتذہ اکرام ہیں جنہوں نے میری طبی تعلیم و تربیت کی اور مجھے اپنے اپنے طبی تجربات ومشاہدات سے آگاہ کیا اور ساتھ ہی رموزِ طب سکھائے۔ ہر استادِ محترم نے میری اوقات سے زیادہ ہی مجھے طبی تعلیم دی۔ یہ دنیا فانی ہے، میرے تمام اساتذہ اکرام آج اس دنیا میں نہیں ہیں۔ اسی طرح ایک وقت ایسا بھی آئے گا کہ میں اس دنیا میں نہیں رہوں گا۔ یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں اور حقیقت پر مبنی ہے۔ میں نے جتنی بھی کتابیں لکھی ہیں ان میں کوشش کی ہے کہ صحیح بات اور درست نسخہ جات ہی لکھوں لیکن انسان کا علم اور عمل ہر لمحہ بڑھتا رہتا ہے۔ اور علم تو ایک ایسا چراغ ہے جس کو خرچ کرنے سے اس کی روشنی مزید بڑھتی ہے۔ میں نے اپنے اساتذہ اکرام کے انمول مجربات پہلے بھی اپنی کتب میں پیش کیے ہیں اور اب بھی اس کتاب میں وہ تمام نسخہ جات پیش کرنے جا رہا ہوں جو کہ ایک راز کی طرح میری ڈائریوں میں درج ہیں، ان میں سے بیشتر نسخہ جات تو میرے اساتذہ اکرام کے ہیں جو کہ ان سے مجھے ملے باقی ایسے مجربات ہیں جو میرے مختلف طبیب دوستوں نے مجھے دیئے اور یہ نسخہ جات میرے عزیز دوستوں کے اور میرے معمول مطب ہیں، اور ان میں ایسے نسخہ جات بھی ہیں کہ شاید آج سے پہلے ان کو زمانے کی ہوا نہ لگی ہو مجھے امید ہے کہ طبی برادری اور شائقین طب کو میری یہ کتاب پسند آئے گی، میری دعا ہے کہ زیادہ سے زیادہ خلق خدا میری اس کتاب سے استفادہ کر لے اور اللہ تعالیٰ میری اس حقیر کوشش کو صدقہ جاریہ بنا دے اور مجھے دین و دنیا میں اس کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین

خادم فن واطباء

حکیم شہباز حسین اعوان کمالی

(۱) انرجی ٹانک

**ھوالشافی**:.......(۱) موصلی سفید (۲) اسگندھ ناگوری (۳) زنجبیل (۴) عقرقرحا (۵) گوکھرو (۶) مغز جائفل (۷) تیزپات (۸) خولنجاں (۹) مگھاں (۱۰) پپلا مول (۱۱) بداری قند (۱۲) ناگ کیسر (۱۳) بیج بند (۱۴) لونگ (۱۵) جاوتری (۱۶) الائچی سبز (۱۷) آملہ (۱۸) ملٹھی (۱۹) پھلی کیکر (۲۰) گوند کیکر (۲۱) تخم بھنگ ہر ایک ۱۰۰ گرام (۲۲) مصری اکلو۔

**ترکیب تیاری**:.......۶ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:....... یہ سفوف کمالی دواخانہ کا ایک خاص راز اور انمول نسخہ ہے۔ تمام مردانہ امراض اور زنانہ امراض کے لیے لاجواب دوا ہے۔ ادویات خالص اور عمدہ لے کر صاف کر کے شامل نسخہ کریں یہ نسخہ جنسی امراض ہر دو جنس یعنی مرد و عورت دونوں کے لیے مجرب ہے۔ ہر قسم کی کمزوری، مردانہ کمزوری، اعصابی کمزوری، کے لیے بے ضرر لاجواب ٹانک ہے۔

خواتین اور حضرات کے مسلسل استعمال کرنے سے تمام جنسی امراض کا خاتمہ کر دیتا ہے، نیز جسمانی صحت بے مثال ہو جاتی ہے، باقی حاذق طبیب اپنی عقل و فہم سے اس سے بے شمار فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔

(۲) روغن گندھک:

گندھک کو تیل کرنے کے لیے ہر طبیب پریشان ہے بہت سے لوگ تو سالہا سال کی محنت اور کوشش کے باوجود بھی گندھک کو تیل نہیں کر سکتے، میں آج اس کتاب میں روغن گندھک کی ایک ایسی نادر ترکیب درج کرتا ہوں کہ صرف ۱۰ منٹ میں گندھک تیل ہو جائے گی اور تمام جلدی امراض کے لیے لاجواب دوا بن جائے گی یہ میرا ہمہ وقت کا معمول

مطب نسخہ ہے، صرف افادہ عام کے لیے یہ انمول نسخہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

**ھوالشافی**:...... (ا) تلوں کا تیل اکلو (۲) گندھک آملہ سار ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:...... گندھک کو باریک پیس لیں اور تیل کو کڑاہی میں ڈال کر گرم کریں آنچ ہلکی رکھیں جب تیل گرم ہو جائے تو اس میں گندھک آملہ سار باریک پسی ہوئی ڈال دیں اور ایک لوہے کی درانتی سے تیل کو ہلکا ہلکا ہلاتے رہیں یعنی کہ درانتی اس میں پھیرتے رہیں، پہلے گندھک نیچے تیل میں پگھل جائے گی۔ پھر آنچ نرم رکھیں اور اس میں درانتی کو پھیرتے رہیں، تھوڑی دیر میں گندھک تیل کے اوپر آ جائے گی اس وقت آگ بند کر دیں اور درانتی کو تیل میں مسلسل پھیرتے رہیں، آپ دیکھیں گے کہ تمام گندھک تیل میں شامل ہو کر تیل بن جائے گی، آپ اس کو کڑاہی میں ہی ٹھنڈا ہونے دیں اور جب ٹھنڈا ہو جائے تو تیل کو بوتلوں میں بھر لیں، یہ گاڑھا سا گندھک کا بہترین تیل تیار ہے۔

ضروری ہدایات:

اس نسخہ کی تیاری میں انتہائی احتیاط سے کام لیں تھوڑی سی بے احتیاطی سے تیل میں آگ لگ جاتی ہے۔ نیز اس نسخہ کو کبھی بھی کسی کمرے میں۔ نہ بنائیں۔ بلکہ چھت پر یا کسی کھلی جگہ پر بنائیں تاکہ آگ لگنے کی صورت میں کوئی نقصان نہ ہو اگر دوران تیاری آگ لگ جائے تو دور کھڑے ہو کر پانی کا چھینٹا ماریں تو ایک دو بار چھینٹے مارنے سے آگ بجھ جائے گی۔

اس نسخہ کو کبھی بھی چھوٹی کڑاہی میں نہ بنائیں ہمیشہ بڑی کڑاہی میں بنائیں اور آنچ ہمیشہ ہلکی رکھیں جو لوگ ان تمام ہدایات پر عمل کر کے اس نسخہ کو بنائیں گے وہ بغیر کسی نقصان کے اس تیل کو بنا لیں گے۔ جو لوگ اناڑی ہوں بہتر ہے کہ وہ یہ نسخہ کسی ماہر استاد کی زیر نگرانی بنا لیں تاکہ کوئی نقصان نہ ہو۔

**فوائد**:...... یہ روغن تمام جلدی امراض کے لیے لاجواب ہے خارش دھدر چنبل ہر قسم

کے ناصور، اور زخموں کے لیے لاجواب ہے آپریشن کے نشانات اور زخموں کے نشانات پر اس کا بہترین رزلٹ ہے۔ ہر قسم کی خارش پھوڑے پھنسیوں کے لیے لگانے سے اور کھانے سے لاجواب رزلٹ کا حامل ہے۔

کھانے کے لیے حسب عمر ۳ قطرے سے ۱۰ قطرے تک کیپسول میں بند کر کے دیا جاسکتا ہے۔

## (۳) اکسیر مفاصل (سنیاسیانہ اکسیر):

**ھوالشافی** :...... (۱) میٹھا تیلیہ ۵۰ گرام (۲) آب پیاز ا پاؤ (۳) آب لہسن ا پاؤ (۴) آب ادرک ا پاؤ (۵) فلفل سیاہ ۵۰ گرام (۶) فلفل دراز ۵۰ گرام (۷) سونٹھ ۵۰ گرام (۸) آب کنوار گندل حسب ضرورت۔

**ترکیب تیاری** :...... سب سے پہلے میٹھا تیلیہ کو باریک پیس کر سرمہ کی طرح کر لیں اور اسے ایک چینی یا روغنی برتن میں ڈال کر اس پر ایک پاؤ پیاز کا پانی ڈال دیں اور اس کو اچھی طرح مکس کر کے سایہ میں رکھ چھوڑیں چند دن میں یہ پانی خشک ہو جائے گا، جب یہ پانی خشک ہو جائے تو پھر اس میں لہسن کا پانی ڈال کر اسی طرح سایہ میں خشک کر لیں پھر اس میں ادرک کا پانی ڈال کر خشک کر لیں، جب تمام پانی خشک ہو جائیں گے تو تمام دوا ایک چیڑا سا مرکب بن جائے گی اب اس میں سونٹھ، فلفل دراز اور مرچ سفید ڈال کر خوب کوٹیں اور باریک مانند آٹا کر لیں اور چھان لیں اب اس میں آب کنوار گندل حسب ضرورت ملا کر فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں، بس ایک لاجواب اکسیر تیار ہے۔

**مقدار خوراک** :...... ا گولی روزانہ سے لے کر دو گولی روزانہ یعنی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ گھی کے ساتھ دیں۔ کم تکلیف ہو تو ایک گولی کافی ہے، تکلیف زیادہ ہو تو صبح وشام بھی دے سکتے ہیں۔

**فوائد** :...... یہ ایک لاجواب اکسیری نسخہ ہے جو کہ تمام جوڑوں کے درد، اعصابی درد

غرضیکہ، ہر قسم کے دردوں کے لیے ایک لاجواب دوا ہے۔

جوڑوں کے درد اور گھٹنوں کے درد، ہڈیوں کے دردوں کے لیے تو اکسیر ہے۔ دوران استعمال دوا مقویات کا استعمال خوب کروائیں نیز اس دوا کو ۱۰، ۱۵ دن کھلا کر چند یوم ناغہ کر کے پھر دوبارہ ضرورت ہو تو کھلائیں بہتر یہی ہے کہ اس نسخہ کو صرف اطبائے حاذق ہی استعمال کریں۔

## (۴) روغن مفاصل لاثانی:

**ھوالشافی** :...... (۱) آک کے پودے کا پانی اکلو (۲) دھتورہ کے پودے کا پانی آدھا کلو (۳) تلوں کا تیل ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری** :...... آگ اور دھتورے کے سالم پودوں کو کچل کر پانی نکال لیں۔ اور اس پانی میں تلوں کا تیل ڈال کر آگ پر رکھ کر جلائیں کہ تمام پانی خشک ہو جائے اور صرف تیل رہ جائے یہ ایک بے مثال تیل بن جائے گا جب تمام پانی خشک ہو جائے تو تیل کو ٹھنڈا کر کے نتھار لیں اور علیحدہ شیشی میں ڈال کر رکھ لیں، یہ سبزی رنگ کا تیل تیار ہوگا۔

**فوائد** :...... یہ تیل جوڑوں کے درد، اعصابی درد، تمام جسمانی دردوں کے لیے بے حد مجرب ہے۔ نیم گرم کر کے مالش کروائیں اور اوپر پٹی باندھ لیں۔

## (۵) دردی لیپ:

**ھوالشافی** :...... (۱) سونٹھ اپاؤ (۲) اجوائن دیسی اپاؤ (۳) مصبر سیاہ اپاؤ (۴) حرمل اپاؤ۔

**ترکیب تیاری** :...... تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور چھان کر رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال** :...... بوقت ضرورت یہ دوا ۳، ۴ چمچ لے کر اس میں ایک انڈے کی سفیدی ملا لیں اور اچھی طرح مکس کر لیں اور درد والی جگہ پر یہ لیپ لگا کر اوپر روئی رکھ کر پٹی باندھ لیں۔ رات کو باندھ لیں صبح اتار لیں۔

**فوائد** :...... ہر قسم کے درد، چوٹ کے درد، پٹھوں کے درد، جوڑوں کے درد وغیرہ کے لیے ۱۰، ۱۵ دن تک روزانہ استعمال کروائیں بے حد مجرب دردی لیپ ہے۔

(۶) حب مغلظ خاص:

**ھوالشافی** :......(۱) مغز تخم تمر ہندی ۵۰ گرام (۲) ستاور ۵۰ گرام (۳) گوند کیکر ۵۰ گرام (۴) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:...... تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور کابلی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۴ گولیاں صبح دوپہر شام کھانے سے قبل دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد** :...... بے حد مغلظ منی ہے، جریان احتلام اور سرعت انزال کے لیے مجرب ہے۔ نیز جراثیمی کمی کے لیے بھی بے حد مفید ہے۔

(۷) یورک ایسڈ کورس:

**ھوالشافی**:......(۱) ریوند چینی ۵۰ گرام (۲) میٹھا سوڈا ۵۰ گرام (۳) سونٹھ ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تینوں کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۲ تا ۳ ماشہ آدھا چمچ صبح دوپہر شام کھانے کے بعد کھلائیں۔

اس کے ساتھ پودینہ تازہ، اناردانہ میٹھا اور ادرک تازہ تینوں کو برابر وزن لے کر چٹنی بنا کر ۲ چمچ ہر کھانے کے ساتھ مریض کو لازمی کھلائیں۔

**فوائد** :......ان شاء اللہ ۱۵ یوم تا ایک ماہ میں یورک ایسڈ کا خاتمہ ہوگا۔ کبھی خطا نہ جانے والا کمالی دواخانہ کا اکسیری تحفہ ہے، مریض کو دالوں اور گوشت وغیرہ سے مکمل پرہیز کروائیں۔

(۸) مصفین صندلی:

**ھوالشافی** :......(۱) صندل سفید ۵۰ گرام (۲) الائچی سبز ۵۰ گرام (۳) زیرہ سفید ۵۰ گرام (۴) نرکچور ۵۰ گرام (۵) چاسکو ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری** :......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ اور ڈبل زیرو یعنی ایک گرام

دوائی والے کیپسول بھرلیں یا ایک گرام کی گولی بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اگولی صبح وشام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......کیل مہاسے چھائیاں چہرے کے تل وغیرہ اور پھوڑے پھنسیاں، آبلے وغیرہ تمام جلدی امراض اور صفراوی شوگر کے لیے بھی مجرب دوا ہے اگر تکلیف زیادہ ہوتو دوا کی مقدار بڑھائی بھی جاسکتی ہے۔

## (۹) سفوف کثرت احتلام:

**ھوالشافی:**......(۱) بہوپھلی بوٹی ۱۰۰ گرام (۲) کشنیز ۱۰۰ گرام (۳) تخم لاجونتی ۱۰۰ گرام (۴) تخم خرفہ ۱۰۰ گرام (۵) گوند کتیرا ۱۰۰ گرام (۶) کوزہ مصری ۱۰۰ گرام (۷) زیرہ سفید ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اچمچ صبح دوپہر شام خالی پیٹ پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......نوجوانوں کے تمام امراض بالخصوص کثرت احتلام کے لیے بے حد مجرب دوا ہے۔ یہ دوا ہمیشہ خالی پیٹ ہی کھلائیں۔

## (۱۰) سفوف مردانہ خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) تالمکھانہ (۲) گوکھرو (۳) گل سپاری (۴) تخم سروالی (۵) گل دھاوا (۶) راکھ پیپل (۷) بیج بند (۸) گل سپاری (۹) ثعلب مصری (۱۰) مصطگی رومی (۱۱) اجوائن خراسانی (۱۲) مائیں کلاں (۱۳) کمرکس (۱۴) گل انبہ (۱۵) پھلی کیکر (۱۶) مغز تخم تمرھندی (۱۷) گولر خام (۱۸) کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک ۲،۲ تولہ (۱۹) مصری خالص اپاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......تمام مردانہ امراض، احتلام، جریان، سرعت انزال وغیرہ کے لیے لاجواب

دوا ہے۔ اگر مریض کو قبض ہو تو مریض کو مربہ ہلیلہ یا بادام روغن رات کو سوتے وقت پلائیں تاکہ قبض نہ رہے۔

(۱۱) سفوف سرعت:

**ھوالشافی** :......(۱) گل سپاری ۵ تولہ (۲) سنگھاڑہ ۵ تولہ (۳) ثعلب مصری ۵ تولہ (۴) دانہ الائچی خورد ا تولہ (۴) مغز جائفل ا تولہ (۶) جاوتری ا تولہ (۷) مصطگی رومی ۶ ماشہ (۸) لونگ ۶ ماشہ (۹) دارچینی ۶ ماشہ (۱۱) کشتہ بیضہ مرغ ۶ ماشہ۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۳ ماشہ صبح دوپہر شام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......جریان منی اور سرعت انزال کے لیے مفید دوا ہے نیز مقوی جسم بھی ہے۔

(۱۲) حب سرعت خاص:

**ھوالشافی** :......(۱) برگ بھنگ مصفیٰ ا تولہ (۲) گوند ببول بریاں ۳ ماشہ (۳) مغز جائفل ۳ ماشہ (۴) کندر ۳ ماشہ (۵) کمرکس ۳ ماشہ (۶) مصطگی رومی ۳ ماشہ (۷) تخم تمر ہندی ۶ ماشہ (۸) مغز تخم جامن ۶ ماشہ (۹) زعفران ڈیڑھ ماشہ۔

**ترکیب تیاری** :......تمام ادویات کا سفوف بنا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:...... ا تا ۲ گولی ہمراہ دودھ دیں۔

**فوائد**:......قوت باہ اور امساک کے لیے لاجواب دوا ہے۔

**ترکیب برگ بھنگ مصفیٰ** :...... برگ بھنگ خشک حسب ضرورت لے کر ان کو اتنے دودھ میں ڈالیں کہ وہ اچھی طرح ڈوب جائیں پھر رات کو ان کو جوش دے کر رکھ دیں اور صبح نکال کر دھو کر خشک کر لیں، یہ برگ بھنگ مصفیٰ ہیں۔

(۱۳) سفوف ستاور:

**ھوالشافی**:......(۱) ستاور ۵۰ گرام (۲) سمندر سوکھ ۵۰ گرام (۳) بہو پھلی بوٹی ۵۰ گرام (۴) سنگجراح ۵۰ گرام (۵) گوند کیکر ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......مغلظ منی ہے، جریان احتلام اور سرعت انزال کے لیے مجرب ہے۔

(۱۴) اکسیر خاص:

**ھوالشافی**:......(۱) سمندر سوکھ ۵۰ گرام (۲) خوب کلاں ۵۰ گرام (۳) تخم ریحان ۵۰ گرام (۴) تالمکھانہ ۵۰ گرام (۵) تخم سلارہ ۵۰ گرام (۶) چھلکا اسبغول ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......مغلظ منی جراثیمی کمی کے لیے مفید ہے مسمن بدن ہے۔

(۱۵) لیکوریِن:

**ھوالشافی**:......(۱) مازو ۵۰ گرام (۲) مغز تخم تمر ہندی ۵۰ گرام (۳) سمندر سوکھ ۵۰ گرام۔

**مقدار خوراک**:......۱ ماشہ تا ۳ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

(۱۶) حب جریان وسرعت:

**ھوالشافی**:......(۱) ثعلب دانہ ۵۰ گرام (۲) سمندر سوکھ ۵۰ گرام (۳) مغز تخم تمر ہندی ۵۰ گرام (۴) کچلہ مدبر ۲۵ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنا کر شیر برگد کی مدد سے چنے برابر

گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا گولی صبح وشام بعد از غذا دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......جریان اور سرعت انزال کے لیے مفید ہے۔ نیز مقوی باہ ہے۔ اعصابی کمزوری اور جسمانی کمزوری کے لیے بھی مفید ہے۔

(۱۷) سفوف ثعلب:

**ھوالشافی:**......(۱) ثعلب پنجہ ۵۰ گرام (۲) موصلی سفید ۵۰ گرام (۳) تخم ریحان ۵۰ گرام (۴) مغز پنبہ دانہ ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ تولہ دوا کی آدھا کلو دودھ میں کھیر بنا کر صبح خالی پیٹ کھائیں۔

**فوائد:**......جراثیمی کمی، جریان احتلام، سرعت انزال وغیرہ مردانہ امراض کے لیے مجرب دوا ہے۔

(۱۸) اکسیر ذکاوت خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) داڑھی برگد ۲۰ گرام (۲) برگ ببول ۲۰ گرام (۳) بیج بند ۲۰ گرام (۴) مغز تمر ہندی ۲۰ گرام (۵) تخم نیلوفر ۲۰ گرام (۶) طباشیر ۲۰ گرام (۷) کوکنار ۲۰ گرام (۸) دانہ الائچی خورد ۲۰ گرام (۹) پوٹاشیم برومائیڈ ۲۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ڈیڑھ تا ۳ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......ذکاوت حس اور جریان احتلام کے لیے موثر دوا ہے۔

(۱۹) سفوف برائے سرعت رقت وجریان:

**ھوالشافی:**......(۱) تالمکھانہ ۱۰۰ گرام (۲) تخم لاجونتی ۱۰۰ گرام (۳) بیج بند ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......٦ ماشہ صبح وشام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**......سرعت انزال وجریان ورقت کے لیے مفید دوا ہے۔

## (۲۰) اکسیر سرعت خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) ستاور ۵۰ گرام (۲) مغز سنگھاڑا ۵۰ گرام (۳) سنگجراح ۵۰ گرام (۴) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام (۵) گوند ببول ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......٦ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**......سرعت انزال کے لیے مجرب دوا ہے۔

نیز جریان منی اور منی کے پتلا پن کے لیے بھی مجرب ہے۔

## (۲۱) ٹھنڈک کافوری:

**ھوالشافی:**......(۱) کشنیز ۱۰۰ گرام (۲) قلمی شورہ ۵۰ گرام (۳) دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام (۴) کافور ٦ ماشہ (۵) کوزہ مصری ۱۲۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے سے پہلے پانی کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**......ٹھنڈک کا لاجواب مختصر نسخہ ہے، ہاتھ پاؤں کی جلن، پیشاب کی جلن، یرقان وغیرہ تمام صفراوی امراض کے لیے مجرب دوا ہے۔

## (۲۲) اکسیر جگری بخاری:

**ھوالشافی:**......(۱) ریوند چینی ۵۰ گرام (۲) نوشادر ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۱ ماشہ تا ۳ ماشہ بعد از غذا صبح وشام دیں۔

**فوائد:**......صفراوی بخار، یرقان اور خرابی جگر کی وجہ سے ہونے والے بخاروں کے

لیے مجرب ترین دوا ہے۔ موسم گرما کے بخاروں کے لیے بھی مجرب دوا ہے۔

## (۲۳) سفوف خاص برائے مردانہ امراض:

**ھوالشافی**:......(۱) تخم کونچ ۵۰ گرام (۲) تخم اٹنگن ۵۰ گرام (۳) طباشیر بانسی خالص ۵۰ گرام (۴) تخم لاجونتی ۵۰ گرام (۵) تالمکھانہ ۵۰ گرام (۶) مغز سنگھاڑہ ۵۰ گرام (۷) موصلی سفید ۵۰ گرام (۸) ثعلب مصری ۵۰ گرام (۹) تج سک ۵۰ گرام (۱۰) پھلی کیکر ۵۰ گرام (۱۱) بہی دانہ ۵۰ گرام (۱۲) چھلکا اسبغول ۵۰ گرام (۱۳) دانہ الائچی کلاں ۲۵ گرام (۱۴) الائچی سبز ۲۵ گرام (۱۵) کشتہ قلعی ۲۵ گرام (۱۶) کشتہ بیضہ مرغ ۲۵ گرام (۱۷) کشتہ سردھاتہ ۲۵ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۳ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......تمام مردانہ امراض، جریان، احتلام، سرعت انزال، منی کا پتلا پن، جراثیمی کمی، کثرت منی، ذکاوت وغیرہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ یہ دوا خالص ادویات حاصل کر کے بنائیں تو اس کے مقابلہ کی شاید ہی کوئی دوا ہے۔ مردوں کے لیے خاص اکسیر الاثر تحفہ ہے۔

## (۲۴) حب مقوی اعصاب قرنفلی:

**ھوالشافی**:......(۱) ازراقی مدبر در چھلکا بیخ برگد ۵۰ گرام (۲) مغز بادام ۵۰ گرام (۳) منقیٰ سیاہ ۵۰ گرام (۴) لونگ ۲۵ گرام (۵) مرچ سیاہ ۲۵ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور دوا کی خوب کٹائی کریں حتیٰ کہ موم کی طرح ہو جائے تو پھر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......ا گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......تمام اعصابی دردیں، جسمانی دردیں، جوڑوں کے درد، کمر درد، مہروں کے درد، ٹانگوں کے درد وغیرہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

## (۲۵) ازراقی مدبر در چھلکا بیخ برگد کی خاص ترکیب:

کچلہ مدبر کرنے کی یوں تو درجنوں تراکیب ہیں لیکن یہ ایک ایسی نادر ترکیب ہے کہ شاید چند لوگ ہی اس سے آگاہ ہوں، مجھے بھی یہ ترکیب ایک قریبی دوست کی معرفت ایک سنیاسی سے حاصل ہوئی تھی۔ ترکیب یہ ہے:

(۱) کچلہ سالم ا پاؤ (۲) چھلکا جڑ برگد ا کلو (۳) پانی ۵، ۷ کلو (۴) مٹی کا گھڑا ایک عدد۔

مٹی کے گھڑے میں برگد کی جڑ کے چھلکے کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈال دیں اور اس کے ساتھ ہی کچلہ بھی ڈال دیں اور گھڑے میں ۵، ۷ کلو پانی ڈال کر گھڑے کا منہ بند کر کے رکھ دیں دوسرے تیسرے دن اس گھڑے کو ہلا دیا کریں، گھڑے کا منہ کپڑا وغیرہ باندھ کر بند کر دیں، اگر گھڑے کا پانی کم ہو تو اور پانی ڈال دیا کریں۔

یہ عمل تقریباً ایک ماہ جاری رکھیں، ایک ماہ کے بعد اس میں سے کچلہ نکال لیں یہ بے حد نرم ہو گیا ہو گا اس کو لے کر اس کا چھلکا اتار لیں اور اندرونی پتہ بھی دور کر دیں اور اچھی طرح پانی سے دھو کر خشک کر کے سفوف بنا کر رکھ لیں۔ یہ کچلہ مدبر لاجواب ہے۔

مردانہ امراض کی ادویات میں جہاں بھی ضرورت ہو یہ کچلہ ڈالیں، دوسرے نسخہ جات میں بھی یہ خاص ترکیب سے تیار کیا ہوا کچلہ ڈالیں تو اس کے زیادہ فوائد ظاہر ہوتے ہیں۔

یہ میرا خاص سینہ کا راز نسخہ تھا جو کہ تمام طبی برادری کے سامنے تمام رموز و نکات کے ساتھ ظاہر کر دیا ہے۔ تجربہ سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ اس ترکیب سے تیار شدہ کچلہ دوسری تراکیب سے تیار شدہ کچلہ کی نسبت بہت زیادہ موثر اور بے ضرر ہو جاتا ہے۔

اور جس نسخہ میں بھی اس کو استعمال کریں بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں، ہم اپنے دواخانہ پر زیادہ تر یہی ازراقی مدبر استعمال کرتے ہیں۔

تھوڑی محنت ضرور ہوتی ہے مگر یہ بالکل مفت میں تیار ہونے والی بے مثال ترکیب ہے۔ جو کہ آج ہم نے ظاہر کر دی ہے اللہ تعالیٰ ہمارے علم و عمل میں اضافہ فرمائے۔

(۲۶) سفوف مغلظ منی:

**ھوالشافی:**......(۱) مغز تخم تمر ہندی ۵۰ گرام (۲) سنگھاڑا خشک ۵۰ گرام (۳) پھل درخت گوندنی خشک ۵۰ گرام (۴) لسوڑہ خشک ۵۰ گرام (۵) پھل کیکر خشک ۵۰ گرام (۶) مصری کوزہ اپاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اچمچ صبح دوپہر شام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......مغلظ منی بہترین ہے۔

(۲۷) سفوف جریان:

**ھوالشافی:**......(۱) تج سک ۵۰ گرام (۲) ستاور ۵۰ گرام (۳) سنگجراحت ۵۰ گرام (۴) سمندر سوکھ ۵۰ گرام (۵) مغز تخم جامن ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ پانی یا دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......جریان حقیقی کے لیے مجرب ہے نیز سرعت انزال کے لیے بھی مفید دوا ہے۔

(۲۸) بوڑھے لوگوں کے جریان منی کے لیے سفوف اسگندھ:

**ھوالشافی:**......(۱) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام (۲) سنگھاڑا خشک ۵۰ گرام (۳) بہمن سرخ ۵۰ گرام (۴) بہمن سفید ۵۰ گرام (۵) بدھاری قند ۵۰ گرام (۶) مغز بادام اپاؤ (۷) چاروں مغز اپاؤ (۸) سونٹھ ۵۰ گرام (۹) کوزہ مصری اپاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ پانی یا دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......بوڑھے لوگوں کی جسمانی کمزوری اور جریان منی کے لیے یہ بہترین نسخہ ہے، بزرگوں کو کم ازکم یہ ایک ماہ استعمال کروانا چاہیے۔

## (۲۹) سفوف برائے کمر درد وغیرہ:

**ھوالشافی:**......(۱) کرکس ۵۰ گرام (۲) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام (۳) لاکھ پیپل ۵۰ گرام (۴) مغز بادام ۵۰ گرام (۵) کچور ۵۰ گرام (۶) ہلدی ثابت ۵۰ گرام (۷) چھوہارے ۵۰ گرام (۸) گوکھرو ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... کمر درد، مہروں کا درد، اعصابی درد، جسمانی دردوں وغیرہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ نیز مقوی جسم ہے۔

اس دوا کے مسلسل استعمال سے ایک قسم کی کایا کلپ کی صورت برپا ہو جائے گی یہ اکسیر صفت بے ضرر نسخہ ہے اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے عورت اور مرد، دونوں کو یکساں نفع پہنچانے والا لاجواب نسخہ ہے۔

## (۳۰) سفوف برائے ضعف باہ:

**ھوالشافی:**......(۱) عقرقرحا ۵۰ گرام (۲) خولنجاں ۵۰ گرام (۳) ستاور ۵۰ گرام (۴) سونٹھ ۵۰ گرام (۵) دارچینی ۵۰ گرام (۶) موصلی سفید ۵۰ گرام (۷) لونگ ۵۰ گرام (۸) مغز جائفل ۵۰ گرام (۹) مالکنگنی ۵۰ گرام (۱۰) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۱ تا ۳ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ ہمراہ دودھ دیں بعد میں غذا کھلا دیں۔

**فوائد:**......مردانہ کمزوری کے لیے بے ضرر اور مفید نسخہ ہے۔

## (۳۱) سفوف خاص زعفرانی:

**ھوالشافی:**......(۱) بہمن سرخ ۵۰ گرام (۲) بہمن سفید ۵۰ گرام (۳) جاوتری ۵۰ گرام (۴) مغز جائفل ۵۰ گرام (۵) کباب چینی ۵۰ گرام (۶) چوب چینی ۵۰ گرام (۷)

الا ئچی خورد ۵۰ گرام (۸) زعفران ۵۰ گرام (۹) اجوائن خراسانی ۵۰ گرام (۱۰) مصطگی رومی ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

**فوائد :**......مقوی قلب وجسم مقوی دماغ ودل ہے۔ سرعت انزال اور ضعف باہ کے لیے لاجواب مقوی اور ممسک نسخہ ہے۔

## (۳۲) حب سرعت زعفرانی:

**ھوالشافی :**......(۱) مغز جائفل ۱۰ گرام (۲) مصطگی رومی ۱۰ گرام (۳) اسگندھ ۱۰ گرام (۴) افیون ۱۰ گرام (۵) تخم بھنگ ۱۰ گرام (۶) عقرقرحا ۱۰ گرام (۷) زعفران ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا گولی روزانہ رات کو دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد :**......مستقل استعمال سے سرعت کا خاتمہ کرتی ہے وقتی طور پر بھی ممسک ہے ۲، ۳ گھنٹہ قبل کھلائیں اور خوراک کم کھلائیں تا کہ دوا زیادہ اثر کر سکے۔

## (۳۳) اکسیر مذی وودی:

**ھوالشافی :**......(۱) تخم کاھو ا تولہ (۲) گلنار فارسی ا تولہ (۳) گل سرخ ا تولہ (۴) ملٹھی ا تولہ (۵) تخم سداب ا تولہ (۶) تخم سنبھالو ا تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ تا ۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......جریان ودی ومذی کے لیے لاجواب دوا ہے۔

## (۳۴) حب مقوی باہ:

**ھوالشافی:**......(۱) خراطین مصفی ۵۰ گرام (۲) ریش برگد ۵۰ گرام (۳) پھل برگد

پختہ ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......کابلی چنے برابر روزانہ رات کو دیں اگر کمزوری زیادہ ہو تو ۳ ماشہ تک روزانہ رات کو دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......۲،۳ ہفتہ کے استعمال سے مقوی باہ ہے۔

## (۳۵) سفوف السی:

**ھوالشافی:**......(۱) تخم السی ۱۰۰ گرام (۲) نوشادر ۵۰ گرام (۳) ملٹھی ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ دن میں تین ۴ بار پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......ریشہ بلغم خارج نہ ہو رہا ہو، ریشہ بند ہو گیا ہو تو لاجواب ہے۔

## (۳۶) سفوف سورنجاں خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) سورنجاں شیریں ۵۰ گرام (۲) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام (۳) اجوائن دیسی ۲۵ گرام (۴) پپلا مول ۲۵ گرام (۵) سونٹھ ۲۵ گرام (۶) کلونجی ۲۵ گرام (۷) پوست ہلیلہ زرد ۲۵ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ صبح وشام کھانے کے بعد دیں اور ساتھ معجون سورنجاں آدھا چمچ صبح وشام نیم گرم دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......تمام جسمانی دردوں، کمر درد، جوڑوں کے درد، اعصابی درد، ایڑیوں کے دردوں کے لیے مفید ہے۔

☆......☆......☆

# مجربات خصوصی حکیم محمد علی انصاری صاحب

## (بلدیہ ٹاؤن سعید آباد کراچی)

حکیم محمد علی انصاری صاحب کا شمار کراچی کے معروف اطباء کرام میں ہوتا ہے، آپ ایک انتہائی درویش صفت نیک انسان ہیں، آپ قانون مفرد اعضاء کے شیدا ہیں، اکثر میرے ساتھ رابطہ میں رہتے ہیں، آپ نے اپنے چند مجرب نسخہ جات مجربات شہباز کے لیے تحفہ دیئے ہیں میں یہ نسخہ جات ان کے شکریہ کے ساتھ یہاں پر درج کر رہا ہوں امید ہے کہ اطبائے کرام ان سے استفادہ کریں گے۔

(۳۷) شربت بنفشہ:

**ھوالشافی** :......(۱) گل بنفشہ ۵۰ گرام (۲) ملٹھی ۵۰ گرام (۳) سونف ۵۰ گرام (۴) زیرہ سفید ۵۰ گرام (۵) چینی ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری** :......تمام ادویات کو ۳ کلو پانی میں ابال لیں جب پانی کلورہ جائے تو چینی ملا کر قوام بنالیں شربت تیار ہے۔

**مقدار خوراک**:......۲ چمچ صبح دوپہر شام تھوڑے سے پانی میں ملا کر پی لیا کریں۔

**فوائد**:......سانس پھولنا، خشک کھانسی، دمہ، ہائی بلڈ پریشر کے لیے مجرب ہے۔

(۳۸) مرہم برائے چنبل داد خارش ہر قسم:

**ھوالشافی** :......(۱) کھتہ سفیدا تولہ (۲) کھتہ سرخ ا تولہ (۳) سفیدہ کاشغری ا تولہ (۴) کمیلہ ا تولہ (۵) برگ حنا ا تولہ (۶) سرپھوکہ ا تولہ (۷) ہلیلہ کلاں ا تولہ (۸) ہلیلہ

خوردا تولہ (۹) برگ نیم ا تولہ (۱۰) رتن جوت ا تولہ (۱۱) نیلا تھوتھا ا تولہ (۱۲) ویزلین ا پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنا کر ویزلین ملا کر مرہم بنا لیں۔

**فوائد:**......داد، چنبل خارش وغیرہ پر صبح وشام لگائیں نیز لاگے لگنے کے لیے بھی مجرب ہے۔

صرف تین دن میں رزلٹ دینے والی دوا ہے جملہ جلدی امراض میں فائدہ مند ہے۔

(۳۹) مرہم لاجواب:

**ھوالشافی:**......(۱) روغن سفیدہ ۱۰ گرام (۲) ست پودینہ ۵ گرام (۳) ست اجوائن ۵ گرام (۴) کافور دانے دار ۳۰ گرام (۵) گندھک آملہ سار ۵۰ گرام (۶) سوڈیم بینزوئیٹ ۱۰۰ گرام (۷) سفیدہ کاشعری ۱۰۰ گرام (۸) سہاگہ بریاں ۱۰۰ گرام (۹) ویزلین ۵۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کو باریک پیس کر ویزلین ملا کر مرہم تیار کر لیں۔

**فوائد:**......دار چنبل، خارش، بواسیری خارش اور ایڑیاں پھٹنے کے لیے لاجواب مرہم ہے۔

(۴۰) اکسیر احتلام:

**ھوالشافی:**......(۱) تمر ہندی کلاں ۳۰ گرام (۲) موچرس ۳۰ گرام (۳) کوکنار ۳۰ گرام (۴) چھلکا اسبغول ۵۰ گرام (۵) کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام (۶) کشتہ قلعی بھنگ شورے والا ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنا لیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ صبح وشام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......پرانے سے پرانا احتلام اس دوا کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے، نیز سرعت انزال کے لیے بھی لاجواب دوا ہے۔

(۴۱) لا علاج ٹانسلز کا بغیر اپریشن علاج:

یہ لا جواب انمول نسخہ حکیم صاحب کا خاص سینہ کا راز ہے، اور یہ ایسے مریضوں کے لیے بہترین دوا ہے جو کہ خرابی گلہ یعنی ٹانسلز کے خطرناک حد تک خراب ہونے کی وجہ سے لا علاج ہو چکے ہوں اور ان کو ڈاکٹرز نے یہ کہہ دیا ہو کہ آپریشن کروا کر ٹانسلز نکلوا دیں، اس دوا کے استعمال سے بفضلہٖ تعالیٰ ایسے تمام مریض بالخصوص بچے بغیر آپریشن شفایاب ہو جاتے ہیں۔ اور نہ صرف ہزاروں روپوں کے خرچ سے مریض بچ جاتا ہے بلکہ آپریشن کی اذیت سے بھی دوچار نہیں ہونا پڑتا۔ میں حکیم صاحب کا بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے اپنا یہ انمول نسخہ مجھے عطا کیا اور میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے یہ توفیق دی کہ میں ایسا راز کا نسخہ تمام طبی برادری اور شائقین طب کے سامنے پیش کر دوں میں ایسا خدمت خلق کے جذبہ سے کر رہا ہوں تاکہ زیادہ سے زیادہ دکھی انسانیت کی خدمت ہو سکے میرے لیے یہ بہت بڑی بات ہوگی کہ اگر کسی ایک مریض کو بھی اس دوا سے شفا ہوگئی جو کہ لا علاج ہو چکا ہو اور اس کے گھر والے شدید ذہنی تکلیف میں مبتلا ہوں میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ اس نسخہ کو چھپائیں نہ بلکہ افادہ عام کے لیے لوگوں کو بتائیں تاکہ خلق خدا کا بھلا ہو حکیم محمد علی انصاری صاحب کا یہ چلتا ہوا مجرب تجربہ شدہ نسخہ ہے:

**ھوالشافی** :...... (۱) ملٹھی ۳ تولہ (۲) گل بنفشہ ۳ تولہ (۳) اسطخو دوس ۳ تولہ (۴) گاؤزبان ۳ تولہ (۵) قسط شیریں ۳ تولہ (۶) کاکڑا سنگھی ۵ تولہ (۷) کلونجی ۳ تولہ (۸) دارچینی ۳ تولہ (۹) عناب ۵ تولہ (۱۰) منقیٰ ۵ تولہ (۱۱) انجیر ۵ تولہ (۱۲) برگ بانسہ ۵ تولہ (۱۳) سناء مکی ۳ تولہ (۱۴) چینی ۲ کلو (۱۵) پانی ساڑھے پانچ کلو۔

**ترکیب تیاری** :...... تمام ادویات کو درد ڑا کر کے ساڑھے پانچ کلو پانی میں رات کو بھگو دیں صبح اتنا جوش دیں کہ پانی اڑھائی کلو رہ جائے تو اس کو مل چھان کر اس میں چینی ملا کر شربت بنا لیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ چمچ صبح دو پہر شام پلائیں۔

**فوائد:**...... ٹانسلز کے بغیر آپریشن علاج کے لیے مجرب دوا ہے، خشک کھانسی نزلہ کے لیے اور بخار وغیرہ کے لیے بھی مجرب دوا ہے۔

نیز اس کے دوران استعمال مریض کو سختی کے ساتھ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کروائیں۔

یہ دوا دو تین بوتلیں استعمال کرنے سے بفضلہ تعالیٰ ٹانسلز کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ مریض کو عضلاتی اغذیہ سے مکمل پرہیز کروائیں بالخصوص ترش اشیاء مکمل بند کر دیں۔

## (۴۲) سرعت انزال کے لیے لاجواب نسخہ:

یہ نسخہ لاہور کے ایک مشہور حکیم صاحب کا ہے جو کہ وہ بہت زیادہ مقدار میں لوگوں کو استعمال کرواتے ہیں ان کے ایک ملنے والے حکیم صاحب کی معرفت یہ نسخہ مجھ تک پہنچا ہے میں نے اس نسخہ بھی تصدیق سنی ہوئی ہے، تمام قارئین کی خدمت میں یہ انمول نسخہ پیش کر رہا ہوں۔

**ھوالشافی:**......(۱) سپاری چکنی ۲۰ تولہ (۲) موصلی سفید ۵ تولی (۳) موصلی سیاہ ۲ تولہ (۴) چھلکا اسبغول ۵ تولہ (۵) الائچی سبز ۳ تولہ (۶) ستاور ۲ تولہ (۷) پھلی کیکر ۲ تولہ (۸) داڑھی برگد ۲ تولہ (۹) گوند کیکر ۲ تولہ (۱۰) تج قلمی ۲ تولہ (۱۱) کافور ۳ ماشہ (۱۲) چینی ا کلو (۱۳) کھویا اکلو (۱۴) گائے کا گھی اکلو۔

**ترکیب تیاری:**...... تیاری پہلی ۱۰ ادویات کا سفوف بنالیں۔ پھر گھی میں کھوئے کو بریاں کریں اور پھر سفوف ڈال کر سرخ کرلیں اور کافور اور چینی ملاکر پنجیری بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۵۰ گرام صبح وشام نہار منہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**...... سرعت انزال کے لیے لاجواب دوا ہے۔ ۴۰ یوم کے با پرہیز استعمال سے سرعت انزال کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

☆......☆......☆

# مجربات خصوصی حکیم حافظ آصف نثار صاحب لاہور

حکیم آصف نثار صاحب میرے شاگرد ہیں اور مجھ سے قانون مفرد اعضاء سیکھ رہے ہیں، طب قدیم کے ساتھ ان کا بے حد لگاؤ ہے۔ بچپن سے طب کا شوق رکھتے ہیں، بڑے بڑے حکماء حضرات سے انہوں نے استفادہ کیا ہے۔ طب قدیم کے ان کے پاس بڑے بڑے بہترین مجربات موجود ہیں اور یہ دن رات دکھی انسانی کی بھلائی کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ ان کے چند مجربات جو کہ انہوں نے خصوصی طور پر مجربات شہباز کے لیے دیئے ہیں ان کے شکریہ کے ساتھ درج کر رہا ہوں۔

(۴۳) معجون مقوی باہ:

**ھوالشافی** :......(۱) تخم اوٹنگن (۲) تخم کونچ (۳) اندر جو شیریں (۴) سونٹھ (۵) جائفل (۶) لونگ (۷) اسگندھ ناگوری (۸) دانہ الائچی خورد (۹) شقاقل مصری (۱۰) ثعلب مصری (۱۱) موصلی سفید (۱۲) موصلی سیاہ (۱۳) موصلی سنبھل (۱۴) بہمن سرخ (۱۵) بہمن سفید (۱۶) خولنجاں (۱۷) مصطگی رومی ہر ایک ۱۰،۱۰ گرام۔

(۱۸) مغز بادام ۲۰ گرام (۱۹) مغز اخروٹ ۲۰ گرام (۲۰) مغز پستہ ۲۰ گرام (۲۱) مغز چلغوزہ ۲۰ گرام (۲۲) شہد خالص ۶۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......معجون بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......اچمچ صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......مغلظ ومقوی باہ ہے، مقوی اعصاب ہے خاص الخاص نسخہ ہے۔

(۴۴) معجون مقوی خاص:

**ھوالشافی** :......(۱) تخم پیاز ۴ تولہ (۲) شلجم ۴ تولہ (۳) عقرقرحا ۴ تولہ (۴) موصلی

SULEMANI.COM.PK

(۵) سونٹھ ۴ تولہ (۶) پستہ ۵ تولہ (۷) بہمن سرخ ۵ تولہ (۸) بہمن سفید ۵ تولہ سیاہ ۴ تولہ (۹) مغز جائفل ۵ تولہ (۱۰) فلفل دراز ۲ تولہ (۱۱) فلفل سیاہ ۲ تولہ (۱۲) جاوتری ۲ تولہ (۱۳) خولنجاں ۲ تولہ (۱۴) تخم حرمل ۱۰ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور ایک کلو شہد ملا کر معجون بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۶ ماشہ صبح وشام دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... بے حد مقوی باہ اور مقوی جسم ہے۔

## (۴۵) یرقان اور کالا یرقان کے لیے مجرب نسخہ:

**ھوالشافی:**......(۱) ترپھلہ ۲۰۰ گرام (۲) سنا مکی ۱۰۰ گرام (۳) گل نیلوفر ۱۰۰ گرام (۴) عناب ۱۰۰ گرام (۵) دیسی گلاب ۱۰۰ گرام (۶) صندل سفید ۱۰۰ گرام (۷) ستاور ۵۰ گرام (۸) بہوپھلی بوٹی ۲۰۰ گرام (۹) انجیر ۱۰۰ گرام (۱۰) گل بنفشہ ۱۰۰ گرام (۱۱) تخم کاسنی ۱۰۰ گرام (۱۲) جڑ کاسنی ۱۰۰ گرام (۱۳) سونف ۱۰۰ گرام (۱۴) جڑ سونف ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کو دردڑا کر کے پانی ۸ کلو میں ۲ گھنٹہ بھگو دیں اور پھر اچھی طرح ابالیں اور پھر مقطر کرلیں بس شربت تیار ہے۔

**مقدار خوراک:**......۴ بڑے چمچ یہ شربت تھوڑے سے پانی میں ملا کر صبح دوپہر شام پی لیا کریں اور اس کے ساتھ ایک گرام ریوند خطائی یا ریوند چینی کا سفوف دیں۔ ان شاء اللہ ۴۱ یوم میں مرض کا خاتمہ ہوگا۔

**فوائد:**......امراض جگر، یرقان اور کالا یرقان کے لیے بہت مفید دوا ہے۔

## (۴۶) حب جریان شیر برگد والی:

**ھوالشافی:**......(۱) چینی کی پیالی لے کر اس میں گل سپاری ۵۰ گرام کا سفوف بنا کر ڈال لیں پھر اس پر شیر برگد اتنا ڈالیں کہ گل سپاری کا سفوف ڈوب جائے پھر اس کو سایہ میں رکھ کر خشک کرلیں۔ اور چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۴ گولیاں صبح خالی پیٹ ۴ گولیاں شام خالی پیٹ ایک گلاس دودھ میں ایک چمچ چھلکا اسبغول ڈال کر اس کے ساتھ دوا کھلائیں۔

**فوائد:**...... جریان منی، منی کا پتلا پن اور سرعت انزال کے لیے مجرب دوا ہے۔

**نوٹ:**......اگر اس دوا میں چار مرتبہ شیر برگد ڈال کر خشک کر کے گولیاں بنائیں تو پھر بے حد موثر دوا ہوتی ہے جو کہ اپنے اثرات میں لاثانی دوا ہوگی اور جریان کا ان شاء اللہ حکمی علاج ہوگا۔

(۴۷) مغلظ خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) دیسی کیکر کی گوند بریاں ۵۰ گرام (۲) مغز تخم تمر ہندی بریاں ۵۰ گرام (۳) ستاور ۵۰ گرام (۴) اسگندھ ناگوری ۲۵ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دیں۔

**فوائد:**......منی کو گاڑھا کرنے کے لیے لاجواب نسخہ ہے۔ جراثیم منی پیدا کرتا ہے، جریان اور سرعت کے لیے بھی مفید ہے۔

**نوٹ:** ......اگر اس دوا کے ساتھ صبح وشام کھانے کے بعد مریض کو معجون فلاسفہ کھلائی جائے تو پھر مقوی باہ بھی ہے۔

(۴۸) سفوف مقوی برائے سوکڑا اطفال:

**ھوالشافی:**......(۱) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام (۲) بیخ بدھارا ۵۰ گرام (۳) ستاور ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ رتی تا ۴ رتی تک چھوٹے بچوں کو دودھ میں حل کر کے پلائیں دن میں ۲، ۳ بار دیں۔

**فوائد:**......بچوں کی کمزوری اور سوکڑے کے لیے مفید ہے۔

## (۴۹) امساک خاص زعفرانی:

**ھوالشافی**:...... (۱) شنگرف رومی ۱۰ گرام (۲) کافور خالص ۱۰ گرام (۳) افیون خالص ۵ گرام (۴) لوبان کوڑیہ ۵ گرام (۵) تخم بھنگ ۲۰ گرام (۶) تخم دھتورہ ۱۰ گرام (۷) اجوائن خراسانی ۵ گرام (۸) جدوار خطائی ۱۰ گرام (۹) موچرس ۳ گرام (۱۰) زعفران خالص کشمیری ۳ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:...... ا گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ پتی کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......قوت امساک کو بڑھاتی ہے، وقتی ضرورت کے لیے رات کو دیں اور مستقل فائدہ کے لیے چند یوم یہ دوا کھلائیں اور اس کے ساتھ کوئی اچھا سا مغلظ نسخہ دیں۔

## (۵۰) شنگرف مدبر در لونگ کی ترکیب:

**ھوالشافی**:...... (۱) شنگرف ا تولہ (۲) لونگ ۱۰ تولہ۔

لونگ کا سفوف بنالیں اور ایک تابہ آہن پر آدھے لونگ نیچے رکھ کر اوپر شنگرف کی ڈلی رکھ دیں اور اوپر دوسرے لونگ کا سفوف ڈال کر ہاتھ سے دبا دیں اس کے اوپر ایک پیالہ اوندھا مار کر اس کے لب آٹے سے بند کر دیں۔

اور اس کے نیچے آدھا گھنٹہ درمیانی آگ جلائیں جب آگ کا وقت ختم ہو جائے تو اس میں سے شنگرف کی ڈلی نکال لیں اور کھرل کر کے رکھ لیں بس یہی شنگرف مدبر در لونگ ہے۔

**نوٹ**:...... بالکل اسی طرح اجوائن دیسی میں بھی شنگرف مدبر ہو جاتی ہے، لونگ چونکہ مہنگے ہیں اس لیے اجوائن دیسی میں تیار کی ہوئی شنگرف بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔ فوائد میں کوئی کمی نہ ہوگی بلکہ میرے خیال میں تو اجوائن میں تیار کی ہوئی شنگرف زیادہ بہتر اور مفید ہوتی ہے ہم اپنے نسخہ جات میں کچی شنگرف نہیں ڈالتے بلکہ اس ترکیب سے شنگرف مدبر کر کے ڈالتے ہیں جس سے دوائی کے فوائد زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔

SULEMANI.COM.PK

## (۵۱) سفوف لاجواب:

**ھوالشافی**:......(۱) موصلی سفید ۱۰ تولہ (۲) مغز تخم کونچ اڑھائی تولہ (۳) عقرقرحا اڑھائی تولہ (۴) عود ہندی اڑھائی تولہ (۵) تالمکھانہ اڑھائی تولہ (۶) ست گلو اصلی اڑھائی تولہ (۷) پان کی جڑ اڑھائی تولہ۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۳ ماشہ صبح وشام کھانے سے پہلے یا بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......جریان اور سرعت اور ضعف باہ کے لیے مجرب دوا ہے۔ دل دماغ کو طاقت دیتی ہے، مقوی جسم ہے۔

## (۵۲) قوتی امسا کی مختصر لاجواب:

**ھوالشافی**:......(۱) چھوہارے ۵ عدد (۲) شنگرف ۳ گرام (۳) افیون خالص ۳ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......چھوہاروں سے گٹھلیاں نکال لیں اور ان میں شنگرف باریک پیس کر ڈال دیں اور ساتھ ہی افیون بھی چھوہاروں میں ڈال دیں اور اچھی طرح کسی چیز سے دبا دیں تاکہ چھوہارے میں کچھ خلا پیدا ہو جائے اب اس خلا میں شیر برگد بھر دیں۔ اور آٹا لگا کر چھوہاروں کا منہ بند کر دیں جب خشک ہو جائے تو پھر باقی چھوہاروں پر بھی آٹا لپیٹ دیں اور اس کو خشک ہونے دیں۔ جب آٹا خشک ہو جائے تو ان کو گرم بھوبھل میں اتنا بھونیں کہ آٹا کا رنگ سرخ ہو جائے تو پھر ٹھنڈا کر کے درمیان سے چھوہارے نکال کر ان کو ادویات سمیت اتنا کوٹیں کہ وہ موم کی طرح ہو جائے تو کابلی چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۱ تا ۲ گولی بوقت ضرورت رات کو ۳، ۴ گھنٹہ قبل کھلائیں اور مریض کو کھانا کم کھلائیں۔

**فوائد**:......بے حد مقوی ممسک لاجواب نسخہ ہے۔

**نوٹ**:......جو آٹا چھوہارے کے گرد لگا تھا اس کو بھی ضائع نہ کریں بلکہ اس کو کوٹ کر

کابلی چنے کے برابر گولیاں بنالیں یہ گولیاں نزلہ زکام کھانسی وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے ا گولی صبح دوپہر شام دیں۔ بچوں کو کم خوراک دیں۔

## (۵۳) مقوی ممسک خاص:

**ھوالشافی** :......(۱) زعفران خالص کشمیری ۳ ماشہ (۲) پان کی جڑ کا سفوف ۳ ماشہ (۳) جاوتری ۳ ماشہ (۴) افیون خالص ۳ ماشہ (۵) مغز چڑا دیسی ۷ عدد۔

**ترکیب تیاری** :......تمام ادویات کو کھرل میں ڈال کرا تنا کھرل کریں کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے پھر اس کی چھوہارے کی گٹھلی کی طرح کی لمبوتری گولیاں بنالیں۔

اب حسب ضرورت چھوہارے لے کر ان کی گٹھلیاں نکال لیں اور ان میں یہ دوا ڈال دیں جتنے چھوہاروں میں یہ دوا آسکے ڈال دیں اور پھر ان چھوہاروں پر آٹے کا لیپ کر کے ان کو خشک کر لیں اور پھر بھوبھل میں بھون لیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے تو چھوہارے نکال کر اتنا کوٹیں کہ دوا موم کی طرح ہو جائے، پھر حب بقدر نخودی بنالیں، بس تیار ہے۔

**فوائد** :......زبردست مقوی اور ممسک نسخہ ہے خوراک ا گولی صبح وشام دیں یا وقتی طور پر ۲ گولیاں رات کو دیں۔

## (۵۴) حب سلاجیت خاص:

**ھوالشافی** :......(۱) ریش برگد نرم ۲ تولہ (۲) گل سپاری ۲ تولہ (۳) مغز تخم تمر ہندی ۲ تولہ (۴) تخم تالمکھانہ ۲ تولہ (۵) سلاجیت خالص ا تولہ (۶) کشتہ قلعی ا تولہ (۷) تخم دھتورہ ا تولہ (۸) کشتہ سہ دھاتہ ا تولہ (۹) شیر برگد ۱۰ تولہ۔

**ترکیب تیاری** :......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور شیر برگد ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......ا تا ۲ گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :......جریان احتلام سرعت انزال اور کثرت بول کمزوری مثانہ وغیرہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ شوگر کے مریضوں کی کمزوری، جسمانی کمزوری اور بار بار پیشاب آنے

دوا ہے۔ گردوں اور مثانہ کو طاقت دینے والی دوا ہے۔
کے لیے بھی یہ دوا مفید ہے۔

(۵۵) مغلظ تج والا:

**ھوالشافی** :......(۱) اسگندھ ناگوری ۵۰ گرام (۲) تالمکھانہ ۵۰ گرام (۳) دانہ الائچی کلاں ۵۰ گرام (۴) الائچی خورد ۵۰ گرام (۵) ثعلب مصری ۵۰ گرام (۶) موصلی سفید ۵۰ گرام (۷) تج ۵۰ گرام (۸) مصری تمام ادویہ کے برابر۔

**ترکیب تیاری**:......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :......مغلظ ہے، قوت اور امساک پیدا کرتا ہے اگر شوگر کے مریض کو دیں تو پھر اس میں مصری نہ ڈالیں اور دوا کی مقدار ۳ ماشہ صبح وشام کرلیں۔

(۵۶) مغلظ کونچ والا:

**ھوالشافی** :......(۱) مغز تخم کونچ ۵۰ گرام (۲) گوکھرو ۵۰ گرام (۳) تخم اوٹنگن ۵۰ گرام (۴) ستاور ۵۰ گرام (۵) ثعلب مصری ۵۰ گرام (۶) ثعلب پنجہ ۵۰ گرام (۷) موصلی سفید ۵۰ گرام (۸) گوند کیکر ۵۰ گرام (۹) کوزہ مصری ۴۰۰ گرام (۱۰) تخم بھنگ ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۶ ماشہ صبح وشام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔ شوگر کے مریض کی دوا میں مصری نہ ملائیں اور دوا کی مقدار آدھی کرلیں۔

**فوائد** :......جسمانی کمزوری، مردانہ کمزوری، جراثیمی کی منی میں اولاد پیدا کرنے والے جراثیم نہ ہونا، سرعت انزال وغیرہ مردانہ امراض کے لیے مجرب دوا ہے۔
اس کے علاوہ جسمانی کمزوری، کمر درد، پٹھوں کے درد وغیرہ کے لیے بھی مجرب دوا ہے۔

(۵۷) بانجھ پن زنانہ کورس:

**ھوالشافی**:......(۱) بیر بہوٹی ۳ ماشہ (۲) منقی ۲۰ گرام

**ترکیب تیاری**:...... دونوں کو کوٹ کر کے گولیاں بنالیں اور ورق نقرہ چڑھالیں۔

**ترکیب استعمال**:...... ماہواری شروع ہوتے ہی روزانہ صبح بعد از غذا یہ گولی مریضہ کو کھلائیں اور مسلسل ۷ یوم تک کھلا دیں۔

**فوائد**:...... بانجھ پن زنانہ کے لیے مجرب دوا ہے۔

(۵۸) اولاد نرینہ کے لیے کیپسول:

**ھوالشافی**:...... (۱) لونگ عمدہ ۱۲ عدد (۲) مور کے پر کی ٹکیہ ۳ عدد

**ترکیب تیاری**:...... دونوں کو اتنا کوٹیں کہ مانند غبار ہو جائیں پھر اچھی طرح کھرل کر لیں ۵۰۰ ایم جی والے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال**:...... صبح نہار منہ ۱ کیپسول روزانہ ہمراہ دودھ دیں ۱۱ کیپسول کا کورس ہے۔

**طریقہ استعمال**:...... یہ دوا حمل کے دوسرے ماہ شروع کروائیں اور مسلسل گیارہ دن تک کھلائیں میرا یہ معمول ہے کہ میں حمل سے پہلے بھی ایک دو ماہ قبل ماہواری کے بعد یہ کیپسول گیارہ یوم کھلا دیتا ہوں اور جب حمل قائم ہو جائے تو پھر دوسرے ماہ پھر یہ گیارہ یوم کھلا دیں۔ میرے خیال میں اس طرح زیادہ بہتر سو بدل جاتی ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کو منظور ہو تو اولاد نرینہ ہوتی ہے اس نسخہ کی بیرونی ممالک تک دھوم مچی ہوئی ہے۔

(۵۹) حب سرعت بند:

**ھوالشافی**:...... (۱) مصطگی رومی ۱۰ گرام (۲) مغز جائفل ۱۰ گرام (۳) اسگندھ ناگوری ۱۰ گرام (۴) تخم بھنگ ۱۰ گرام (۵) عقرقرحا ۱۰ گرام (۶) زعفران ۱۰ گرام (۷) افیون خالص ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:...... حب بقدر نخودی بنالیں۔

**مقدار خوراک**:...... ۱ گولی صبح شام بعد از غذا ہمراہ دودھ دیں۔

سرعت انزال کے لیے بے حد مفید دوا ہے۔

**فوائد:**......سرعت انزال کے لیے بے حد مفید دوا ہے۔

### (۶۰) کمی خون کے لیے فولادی ٹانک:

**ھوالشافی:**......(۱) عرق گلاب ا بوتل (۲) عرق سونف ا بوتل (۳) ہیرا کسیس ۲ تولہ (۴) سبز کونین ا تولہ (۵) پتری فولاد ۳ تولہ (۶) ست لیموں ۲ تولہ (۷) بتی کھار ۲ تولہ (۸) سالٹ ۲۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کو مکس کر کے چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔

**مقدار خوراک:**......ا تا ۲ چمچ صبح دوپہر شام کھانے کے بعد تھوڑے سے پانی میں حل کر کے پلا دیں۔

**فوائد:**......کمی خون کی وجہ سے ہونے والی ہر بیماری کے لیے مجرب دوا ہے۔اس کے مسلسل استعمال سے بہت خون پیدا ہوتا ہے اور جگر اور معدہ کا فعل درست ہو جاتا ہے۔

### (۶۱) برائے خارش والرجی:

**ھوالشافی:**......(۱) ہلدی ثابت ۵۰ گرام (۲) کالی زیری ۵۰ گرام (۳) نمولی نیم ۵۰ گرام (۴) صندل سفید ۵۰ گرام (۵) کچور ۵۰ گرام (۶) افسنتین ۵۰ گرام (۷) چرائتہ ۵۰ گرام (۸) جل نیم ۵۰ گرام (۹) برگ نیم ۵۰ گرام (۱۰) طباشیر خالص ۵۰ گرام (۱۱) گوند کیکر ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنا کر حب بقدر نخود ی کا بلی بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا تا ۲ گولی صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... ہر قسم کی خارش، الرجی، جلدی امراض، کیل مہاسے، چھائیاں پھوڑے پھنسی وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے۔

### (۶۲) موٹاپہ کے مجرب نسخے:

**ھوالشافی:**......(۱) لاکھ انڈین ۵۰ گرام (۲) زیرہ سیاہ اصلی ۵۰ گرام (۳) کلونجی

۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......آدھا چمچ صبح وشام خالی پیٹ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:**......موٹاپے کے لیے بے حد موثر دوا ہے۔ ا تا ۳ ماہ مسلسل استعمال کروائیں۔

(۶۳) نسخہ ۲:

**ھوالشافی:**......(۱) شحم حنظل ۵۰ گرام (۲) گوگل مصفی ۵۰ گرام (۳) گل سرخ ایرانی ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......گولیاں کابلی چنے کے برابر بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا گولی تا ۲ گولی صبح وشام دیں۔

**فوائد:**......موٹاپے کے لیے بے حد موثر دوا ہے۔ کچھ عرصہ مستقل استعمال کریں۔

## حافظہ پیکیج

(۶۴) دماغی کمزوری اور یادداشت کی کمی کے لیے:

**ھوالشافی:**......(۱) برہمی بوٹی ۵۰ گرام (۲) مغز کدو ۵۰ گرام (۳) مغز پیٹھا ۵۰ گرام (۴) مغز بادام ۵۰ گرام (۵) مغز سونف ۵۰ گرام (۶) مغز کشنیز ۵۰ گرام (۷) کلونجی ۵۰ گرام (۸) کالی مرچ ۲۰ گرام (۹) کشتہ مرجان جواہر دار ۱۰ گرام (۱۰) ورچ ۵۰ گرام (۱۱) تل سیاہ ۵۰ گرام (۱۲) چینی ہم وزن ادویہ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ تا ۵ گرام صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......دماغی کمزوری، یادداشت کی کمی کے لیے یہ دوا بے حد مجرب ہے، حافظہ کو بے حد بہتر بنا دینے والی دوا ہے، نسیان اور جلدی بھول جانے کے مرض کے لیے موثر ترین دوا ہے۔ دماغ کو روشن کر دینے والی اکسیر ہے۔

# مجربات خصوصی حکیم محمد یعقوب صاحب بلدیہ ٹاؤن کراچی

حکیم محمد یعقوب صاحب بلدیہ ٹاؤن کراچی میں پریکٹس کرتے ہیں انہوں نے خصوصی طور پر مجربات شہباز کے لیے یہ چند نسخہ جات بھجوائے ہیں جو کہ ان کے روزمرہ معمول مطب ہیں۔ امید ہے کہ قارئین کتاب ہذا کو پسند آئیں گے اور اطبائے کرام ان سے مستفید ہوں گے، میں یہ نسخہ جات حکیم صاحب کے شکریہ کے ساتھ یہاں درج کر رہا ہوں۔

**(۶۵) گندھک اکسیر:**

**ھوالشافی:**......(۱) گندھک آملہ سار ۵۰ گرام (۲) آب لیموں ۵۰ گرام (۳) آب لہسن ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری :**......گندھک آملہ سار کو باریک پیس کر کڑچھی میں ڈال لیں اور اس میں آب لیموں ۵۰ گرام ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں، جب پانی خشک ہو جائے تو پھر آب لہسن ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں حتیٰ کہ یہ پانی خشک ہو جائے پھر اس کو اچھی طرح کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اگولی صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی یا دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**......تمام اعصابی امراض اور عضلاتی امراض کے لیے مجرب دوا ہے۔ جن مریضوں کا اکثر بلڈ پریشر یا تو لو ہو جائے یا ہائی ہو جائے ان کے لیے مجرب دوا ہے۔

**(۶۶) بیضی خاص:**

**ھوالشافی :**......(۱) جوہر سم الفار ۲ رتی (۲) نمک مدار خالص ۵۰ گرام (۳) کشتہ

بیضہ مرغ ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کو ملا کر خوب کھرل کر لیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ رتی تا ۴ رتی تک صبح دو پہر شام کھانے کے بعد پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

**فوائد:**......شوگر، جریان، لیکوریا، بلغمی کھانسی اور دمہ وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے۔

## (٦٧) یرقانی:

**ھوالشافی:**......(۱) پھٹکڑی سفید ا پاؤ (۲) مولی کا پانی ڈیڑھ کلو۔

**ترکیب تیاری:**......ایک کڑاہی میں پھٹکڑی ڈال کر نیچے آنچ جلائیں اور اس میں تھوڑا تھوڑا مولی کا پانی ڈال کر پکائیں حتیٰ کہ تمام مولی کا پانی جذب ہو جائے تو اس کو تھوڑی دیر الٹ پلٹ کر آگ پر ہی رکھیں کہ پھٹکڑی اچھی طرح شگفت ہو جائے۔ بس تیار ہے۔

**مقدار خوراک:**......ا ماشہ صبح خالی پیٹ دہی یا لسی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......ان شاء اللہ ۸، ۱۰ خوراکوں میں ہی یرقان کافور ہوگا۔

## (٦٨) قوتی خاص الخاص:

**ھوالشافی:**......(۱) سم الفار سفید کانی ا تولہ (۲) چھلکا اسبغول آدھا پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......دونوں کو باریک کر کے کھرل میں ڈالیں اور اتنا کھرل کریں کہ مانند غبار ہو جائے کم از کم ۷ گھنٹہ لازمی کھرل کریں اس سے زیادہ جتنا کر سکیں کھرل کریں اس کے بعد اس میں لونگ ا تولہ، دارچینی ا تولہ، جلوتری ا تولہ، عقرقرحا ا تولہ، مغز جائفل ا تولہ سب کو باریک پیس کر ملا لیں اور پھر اس میں منقیٰ حسب ضرورت ملا کر اس تمام مرکب کی خوب کٹائی کریں، حتیٰ کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**مقدار خوراک:**......ا گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......تمام اعصابی امراض کے لیے لاجواب دوا ہے۔ بالخصوص قوت باہ اور امساک پیدا کرنے کے لیے مجرب ہے، اعصابی کمزوری وجع المفاصل وغیرہ کے لیے مجرب ہے۔ حکیم صاحب کے بقول اس دوا کے بہت زیادہ فائدے ہیں اور وہ اس کو کثرت سے استعمال کرواتے ہیں۔

**(۶۹) مغلظ مقوی:**

**ھوالشافی:**......(۱) موصلی سفید ۳۰ گرام (۲) بوزیدان ۳۰ گرام (۳) جاوتری ۳۰ گرام (۴) سونٹھ ۳۰ گرام (۵) اندرجو شیریں ۳۰ گرام (۶) شقاقل مصری (۷) تخم پیاز (۸) تخم مالکنگنی ہرایک ۲۰ گرام (۹) خشخاش ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ صبح وشام کھانے سے قبل دودھ اور شہد کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......مغلظ منی ومقوی جسم وباہ ہے۔

**(۷۰) معجون مقوی باہ (عطیہ حافظ آف نثار لاہور):**

**ھوالشافی:**......(۱) تخم کونچ (۲) سونٹھ (۳) تخم اوٹنگن (۴) اندرجو شیریں (۵) مغز جائفل (۶) لونگ (۷) اسگندھ ناگوری (۸) دانہ الائچی خورد (۹) شقاقل مصری (۱۰) ثعلب مصری (۱۱) موصلی سفید (۱۳) موصلی سیاہ (۱۴) موصلی سنبھل (۱۳) بہمن سفید (۱۶) بہمن سرخ (۱۷) خولنجاں (۱۸) مصطگی رومی ہرایک ۱۰، ۱۰ گرام (۱۹) مغز بادام ۲۰ گرام (۲۰) مغز اخروٹ ۲۰ گرام (۲۱) مغز پستہ ۲۰ گرام (۲۲) مغز چلغوزہ ۲۰ گرام (۲۲) شہد خالص ۶۰۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......معجون بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......ا چمچ صبح وشام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......مقوی اعصاب، مغلظ منی اور مقوی باہ ہے۔

حافظ آصف نثار صاحب کا معمول مطب خاص الخاص لاجواب نسخہ ہے۔ ان کے بقول یہ نسخہ جہاں بھی استعمال کروایا بفضلہ تعالیٰ شفایابی کا باعث بنا اور مریضوں نے بے حد تعریف کی انہوں نے اس کتاب کے لیے خصوصی طور پر عنایت کیا ہے۔

(۷۱) خون بند ہر قسم:

**ھوالشافی** :......(۱) دم الاخوئن ۵۰ گرام (۲) کہربا شمعی ۵۰ گرام (۳) گل ارمنی ۵۰ گرام (۴) گوند کیکر ۵۰ گرام (۵) گوند کتیرا ۵۰ گرام (۶) گیرو عمدہ ۵۰ گرام (۷) تخم سلارا ۵۰ گرام (۸) بیج بند ۵۰ گرام (۹) طباشیر خالص ۵۰ گرام (۱۰) سنگجراحت عمدہ ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۳ ماشہ صبح دوپہر شام خالی پیٹ پانی یا شربت انجبار کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :...... ہر قسم کا جریان خون خواہ جسم کے کسی بھی حصہ سے ہو کے لیے بے حد مجرب دوا ہے۔ کثرت حیض کے لیے بے حد مجرب ہے۔

(۷۲) غربا کے لیے لاجواب مغلظ:

**ھوالشافی** :......(۱) برگ شیشم نرم لے کر سایہ میں سکھالیں اور سفوف بنالیں یہ سفوف ا پاؤ (۲) چینی ا پاؤ۔

**ترکیب تیاری**:......دونوں کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۳ تا ۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ یا پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:...... جریان، احتلام، ذکاوت حس اور منی کے پتلے پن اور جراثیمی کمی کے لیے لاجواب دوا ہے۔ یہ ایک خاص الخاص مفت کا نسخہ ہے جو کہ میرے ایک دوست جو کہ بڑے

قابل طبیب ہیں اور گکھڑ منڈی میں پریکٹس کرتے ہیں ان کا خاص نسخہ ہے میں ان کے شکریہ کے ساتھ درج کر رہا ہوں۔ ان حکیم صاحب کا نام رفیق ہنجرا ہے اور یہ ان کا عرصہ دراز سے معمول مطب نسخہ ہے۔ میری تمام قارئین سے گزارش ہے کہ اس مفت کے نسخہ کی قدر کریں اور کوشش کریں کہ نسخہ غریب لوگوں کو مفت دیں یا ان سے کم سے کم پیسے لیں کمالی دواخانہ پر میرا یہی معمول اور دستور ہے کہ بے حد غریب مریضوں کی جتنی ہو سکے حسب استطاعت خدمت کرتا ہوں۔ اور ایسے مفت کے نسخہ جات اس کتاب میں پیش کرنے کا بھی یہی مقصد ہے کہ اطبائے کرام غریب لوگوں کو ان نسخہ جات سے یا تو آگاہ کر دیں یا پھر ان کو بنا کر دے دیں۔

یاد رکھیں میں نے ایسے ایسے لوگوں کو بھی دیکھا ہے کہ جن کو اگر اجوائن کے کسی فائدے کا پتہ ہے تو وہ بھی نہیں بتاتے، حالانکہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ کا ہر ہر عمل اور ایسا کوئی بھی فعل جس سے خلق خدا کو کوئی بھی فائدہ ہو سکے آپ کے لیے صدقہ جاریہ بن جاتا ہے اس لیے تمام طبیب بھائیوں سے گزارش ہے کہ وہ لوگوں کی خدمت کرنے کو معمول رکھیں ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے رزق میں بے حساب برکت ڈالیں گے۔

پس خلق خدا کے فائدہ کے لیے ایک اور مفت کا نسخہ قارئین کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

**(۷۳) غرباء کے لیے خاص مغلظ:**

**ھوالشافی** :......(۱) برگ شیشم نرم خشک ۵۰ گرام (۲) برگ جامن نرم خشک ۵۰ گرام (۳) برگ پیپل نرم خشک ۵۰ گرام (۴) برگ برگد نرم خشک ۵۰ گرام (۵) برگ لسوڑہ نرم خشک ۵۰ گرام (۶) کوزہ مصری یا چینی ا پاؤ۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنا لیں۔

**مقدار خوراک**:......۳ ماشہ سے ۶ ماشہ صبح و شام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :......اس نسخہ کے بے بہا فوائد ہیں، نو جوانوں اور مردوں کے لیے بے مثال نسخہ ہے، غریبوں کے لیے کمالی دواخانہ کا خاص تحفہ ہے۔ جو کہ ہم نے تمام طبیب بھائیوں کے

سامنے رکھ دیا ہے تا کہ زیادہ سے زیادہ غریب لوگوں کی خدمت کر سکیں۔

جریان احتلام، ذکاوت سرعت، جراثیمی کمی، بانجھ پن مردانہ وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے۔

## (۷۴) غرباء کے لیے تمام صفراوی امراض یرقان ہیپاٹائٹس ہر قسم ہاتھ پاؤں کی جلن وغیرہ کے لیے لاجواب تحفہ:

آج پتہ نہیں کیا، دل میں ایک لہر سی موجزن ہوئی ہے کہ میں اپنے خاص سنیاسیانہ راز جو کہ مجھے سالہا سال کی محنت اور عرق ریزی سے حاصل ہوئے تھے، ایک ایک کر کے اس کتاب کے صفحات کی زینت بنا رہا ہوں۔ ان شاء اللہ یہ ایک بہترین کتاب ثابت ہوگی اور خلق خدا اس سے فائدہ اٹھائے گی تمام صفراوی امراض یرقان، جلدی امراض، ہیپاٹائٹس C,B (کالا یرقان) ہاتھ پاؤں کی جلن کثرت احتلام، جریان منی، منی کا پتلا پن، لیکوریا اور ایسے تمام امراض جو کہ گرمی کی وجہ سے ہوں ان تمام کے لیے میں ایک لاجواب مفت کا خاص نسخہ یہاں درج کر رہا ہوں جس کو استعمال کرنے والے ان شاء اللہ میرے ایک ایک لفظ کی تصدیق فرمائیں گے۔

**ھوالشافی**:.......(ا) کنگھی بوٹی کے ایسے پودے جو کہ تین چار فٹ تک ہوں یہ کاٹ کر سکھا لیں اور ان کو باریک پیس لیں یہ ایک لاجواب بے شمار فوائد کی حامل دوا تیار ہے۔

**طریقہ استعمال دوا**:.......روزانہ رات کو ایک گلاس پانی میں اچ‌چیچ تقریباً ۶ گرام دوا اچھی طرح ابال کر رکھ دیں اور صبح نہار منہ اس پانی کو پن کر تھوڑا سا میٹھا ملا کر پی لیا کریں۔ اسی طرح صبح کو بھگو دیں اور شام کو عصر کے وقت خالی پیٹ پی لیا کریں یہ ایک قوی الاثر دوا ہے۔

یرقان، ہیپاٹائٹس C.B (کالا یرقان) جگر کی خرابی اور تمام گرم امراض کے لیے چند یوم میں ہی زبردست رزلٹ ملے گا اس کے ساتھ اگر برابر وزن ملٹھی کا اضافہ کر لیا جائے تو امراض جگر کے لیے بے حد موثر دوا ثابت ہوتی ہے۔ جلدی مرض سورائسز کے لیے اور ایسی

تمام امراض جو کہ گرمی کی وجہ سے ہوں ان کے لیے بے حد موثر ہے۔

مردانہ امراض، کثرت احتلام، جریان اور سرعت کے لیے بھی موثر دوا ہے۔ میرے تجربہ کے مطابق اس بوٹی کا مزاج اعصابی عضلاتی ہے۔ اور یہ ہر گرم بیماری کا علاج ہے، کئی لوگوں کو اس کے استعمال سے سردی کی وجہ سے دردیں بھی شروع ہو جاتی ہیں۔ ایسے لوگ دوا کی مقدار کم استعمال کر لیں اور اس میں تھوڑا سا نمک ملا لیا کریں۔

## ایک ضروری وضاحت:

کنگھی بوٹی کے چھوٹے پودے تو صرف موسم بہار میں ہی دستیاب ہوتے ہیں لیکن مریض کو تو دوا کی ضرورت کسی بھی وقت پڑ سکتی ہے اس لیے اگر عام حالات میں یہ دوا تیار کرنی ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ کنگھی بوٹی کی اوپر والی نرم شاخیں کاٹ لیں اور ان کو سایہ میں خشک کر کے کتر کر باریک پیس لیں یہ بھی ویسے ہی موثر ہوں گی جیسے کہ چھوٹے پودے موثر ہوتے ہیں۔

## بوٹی کی پہچان:

کنگھی بوٹی، ویدک کی ایک لاجواب دوا ہے ویدک میں اس کا نام اتی بلا ہے۔ اس کا زرد رنگ کا پھول ہوتا ہے، نہروں کے کنارے اور میدانی علاقوں میں پنجاب میں منوں کے حساب سے مل جاتی ہے۔ اس کے پتے انگور کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں اوپر سے سبز اور نیچے سے سفیدی مائل ہوتے ہیں، اس پر جو پھل لگتا ہے وہ دندانے دار ہوتا ہے اور ایسے ہوتا ہے جیسے کہ کپڑے پر ڈیزائن بنانے والا ٹھپہ ہو۔ اس میں چھوٹے چھوٹے تخم ہوتے ہیں اس کے پھل سے بچے کھیلتے ہیں اور ہاتھوں پر رنگ یا سیاہی کے ساتھ ٹھپے لگاتے ہیں جو کہ بڑے خوشنما لگتے ہیں میں نے اس بوٹی کی کافی حد تک پہچان لکھ دی ہے۔ اگر پھر بھی کوئی صاحب اس کو تلاش نہ کر سکیں تو میرے ساتھ رابطہ کر لیں میں ان شاء اللہ اس کی شناخت کروا دوں گا۔

## (۷۵) حب حنظل زنجبیلی:

**ھوالشافی** :......(۱) نوشادر ا تولہ (۲) شحم حنظل ۲ تولہ (۳) مصبر سیاہ ۳ تولہ (۴)

SULEMANI.COM.PK

سہاگہ ۱ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**...... تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور گولیاں بقدر نخودی کابلی بنالیں۔

**مقدار خوراک:**...... ا تا ۲ گولی روزانہ رات کو سوتے وقت دیں۔ ا گولی صبح وشام بھی بعد از غذا دے سکتے ہیں۔

**فوائد:**...... دائمی قبض، ریشہ، کیرا، یورک ایسڈ، جوڑوں کے دردوں اور موٹاپہ کے لیے بے مثال دوا ہے۔ موٹاپے کے لیے بے حد موثر ہے اگر اس کے دوران استعمال پاخانے زیادہ آئیں یا پیٹ میں مروڑ کی شکایت ہو تو اس کے ساتھ صبح وشام خالی پیٹ چھلکا اسبغول ا چمچ دودھ کے ساتھ دیں۔

## (۷۶) موٹاپے کے کیپسول:

**ھوالشافی:**...... (۱) تمہ کے بیج ۵۰ گرام (۲) زیرہ سیاہ ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**...... دونوں کا سفوف بنالیں اور ۵۰۰ ملی گرام والے کیپسول بھرلیں۔

**مقدار خوراک:**...... ا کیپسول صبح وشام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... موٹاپے کے لیے بہترین دوا ہے۔ ایک دو ماہ کے مسلسل استعمال سے موٹاپے کا خاتمہ کرنے والی دوا ہے۔

## (۷۷) درد دور گولیاں:

**ھوالشافی:**...... (۱) کلونجی ۱۰ گرام (۲) ہیراہینگ ۵ گرام (۳) کالی مرچ ۵ گرام (۴) سورنجاں شیریں ۱۰ گرام (۵) مگھاں ۱۰ گرام (۶) مصبر سیاہ ۱۰ گرام (۷) منقیٰ ۲۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**...... تمام ادویات کا سفوف بنا کر منقیٰ ملا کر خوب کٹائی کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**...... ا گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ یا پانی کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**...... ہر قسم کے جسمانی درد، جوڑوں کا درد، پٹھوں کا درد، کمر درد وغیرہ کے لیے

مجرب دوا ہے۔

## (۷۸) کمر درد کے لیے نسخہ:

**ھوالشافی** :......(۱) لاکھ پیپل اڑھائی تولہ (۲) کمر کس ۵ تولہ (۳) گوکھرو ۵ تولہ (۴) اسگندھ ناگوری ۵ تولہ (۵) سونٹھ ۵ تولہ (۶) مغز بادام آدھا پاؤ (۷) کوزہ مصری آدھا پاؤ۔

**ترکیب تیاری**:......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک** :......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں کھانے کے ایک گھنٹہ بعد بھی کھا سکتے ہیں۔

**فوائد**:......عورتوں اور مردوں کے کمر درد اور مہروں کے درد کے لیے یکساں مفید دوا ہے۔

## (۷۹) چہرے کی چھائیوں کے لیے:

**ھوالشافی** :......(۱) خرمہرہ کو کوئلے میں رکھ کر شگفتہ کرلیں اور ملائی میں مکس کر کے روزانہ رات کو چہرے پر لیپ کر دیا کریں، صبح دھولیں۔

**فوائد**:...... چہرے کی چھائیاں اور داغ دھبے دور کرنے والی دوا ہے۔

## (۸۰) کمر درد اور لیکوریا کے لیے:

**ھوالشافی** :......(۱) موچرس ۶۰ گرام (۲) اسگندھ ناگوری ۳۰ گرام (۳) کمر کس ۶۰ گرام (۴) اندر جو شیریں ۳۰ گرام (۵) مازو ۷۵ گرام۔

**ترکیب تیاری**:......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۱ تا ۳ ماشہ صبح وشام کھانے سے پہلے یا بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد**:......عورتوں کی کمر درد اور لیکوریا کے لیے مجرب دوا ہے۔

## (۸۱) حب نسواں خاص:

**ھوالشافی** :......(۱) مرچ سیاہ ۱ تولہ (۲) مرکی ۱ تولہ (۳) قلمی شورہ ۱ تولہ (۴) جوکھار ۱ تولہ (۵) ہیراکیس ۱ تولہ (۶) لونگ ۱ تولہ (۷) مصبر سیاہ ۱ تولہ (۸) تخم کرفس ۱ تولہ

(۹) اجوائن دیسی ا تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنا کر کابلی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا تا ۲ گولی صبح وشام کھانے کے بعد پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... بے قاعدگی حیض، حیض کا جاری نہ ہونا، قبض گیس وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے۔

## (۸۲) خارش اور چنبل کے لیے:

**ھوالشافی:**......(۱) نمولی نیم ۵۰ گرام (۲) برگ نیم ۵۰ گرام (۳) کالی زیری ۵۰ گرام (۴) صندل سفید ۵۰ گرام (۵) کچور ۵۰ گرام (۶) چرائتہ ۵۰ گرام (۷) جل نیم ۵۰ گرام (۸) برگ مہندی ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں اور ۵۰۰ ملی گرام والے کیپسول بھرلیں۔

**مقدار خوراک:**......ا تا ۲ کیپسول صبح دوپہر شام کھانے کے بعد دیں۔

**فوائد:**......خارش ہر قسم، جلدی امراض، چنبل وغیرہ اور خرابی خون کی وجہ سے ہونے والے تمام امراض کی مجرب دوا ہے۔

## (۸۳) فوڈ سپلیمنٹ یونانی:

**ھوالشافی:**......(۱) ناریل آدھا پاؤ (۲) مغز بادام آدھا پاؤ (۳) چاروں مغز آدھا پاؤ (۴) چاروں گوندیں آدھا پاؤ (۵) خشخاش آدھا پاؤ (۶) کوزہ مصری آدھا پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ چمچ صبح وشام دودھ کے ساتھ کھائیں۔

**فوائد:**......بہترین مقوی جسم فوڈ سپلمنٹ ہے بڑی عمر کے لوگوں کو لازمی استعمال کر کے اپنی قوت بحال رکھنی چاہیے۔

☆......☆......☆

# مجربات خصوصی حکیم چوہدری محمد سلیم قادری صاحب

## شادباغ لاہور

حکیم چوہدری محمد سلیم قادری صاحب ولد چوہدری قائم دین صاحب بمقام چک بریکا تحصیل شکرگڑھ ضلع نارروال کے رہائشی ہیں۔ آپ پاکستان آرمی کے ریٹائرڈ ہیں، بچپن سے ہی طب کا شوق تھا، مختلف استادوں اور سنیاسیوں سے علم طب سیکھا اور طب کا ڈپلومہ حاصل کیا، آپ ایک کاروباری اور زمیندار آدمی ہیں۔ طب میں آپ کے پاس بڑے بڑے لاجواب نسخہ جات ہیں، آپ نے شکرگڑھ سے نقل مکانی کر کے عامر روڈ شادباغ لاہور میں اپنی رہائش بنا رکھی ہے اور وہیں اپنا مطب بھی کرتے ہیں اور ساتھ ہی آپ لوہے کا کاروبار کرتے ہیں، آپ ایک قابل طبیب ہیں، میرے ساتھ بھی مشاورت کرتے ہیں اور اکثر نسخہ جات پر تبادلہ خیال ہوتا رہتا ہے میں اس کتاب میں قارئین کتاب کے لیے آپ کے چند مجربات درج کر رہا ہوں امید ہے کہ قارئین کو پسند آئیں گے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حکیم چوہدری محمد سلیم قادری صاحب کے علم وعمل میں مزید اضافہ فرمائے اور ان کو دکھی انسانیت کی مزید خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

### (۹۴) خیساندہ یرقان لاجواب:

**ھوالشافی** :......(۱) املی ا پاؤ (۲) آلو بخارا ا پاؤ (۳) سنا مکی ۵۰ گرام (۴) برگ گاؤزبان ۵۰ گرام (۵) گل نیلوفر ۵۰ گرام (۶) سونف ۵۰ گرام (۷) دھماسہ بوٹی ۵۰ گرام (۸) عناب ۵۰ گرام (۹) گل سرخ ایرانی ۵۰ گرام (۱۰) گل بنفشہ ۵۰ گرام۔

SULEMANI.COM.PK

**ترکیب تیاری:**...... پانچ کلو پانی میں تمام ادویات کو دردڑا کر کے ڈال لیں اور دوسرے دن اتنا جوش دیں کہ پانی تین کلو رہ جائے پھر مل چھان کر اچھی طرح مقطر کر کے رکھ لیں۔

**مقدار خوراک:**......ایک کپ صبح وشام خالی پیٹ پلائیں۔

**فوائد:**...... یرقان ہر قسم، ہیپاٹائٹس C.B اور خرابی جگر، جگر کی گرمی S.G.P.T وغیرہ بڑھنا کے لیے لاجواب دوا ہے چہرے کے کیل مہاسے چھائیاں اور ہاتھ پاؤں کی جلن اور تمام ضروری امراض کے لیے بے حد موثر دوا ہے۔

**نوٹ:**...... بچوں کو حسب عمر خوراک کم کردیں۔

## (۹۵) سفوف مقوی باہ:

**ھوالشافی:**......(۱) خراطین مصفی ۲۰ تولہ (۲) خولنجاں ۲۰ تولہ (۳) تخم حرمل ۵ تولہ (۴) لونگ ۳ تولہ (۵) مغز جائفل ۵ تولہ (۶) جاوتری ۵ تولہ (۷) دارچینی ۵ تولہ (۸) موصلی سنبھل ۵ تولہ (۹) عقر قرحا ۵ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ ماشہ تا ۳ ماشہ صبح وشام کھانے کے ایک گھنٹہ بعد دودھ گھی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... مردانہ کمزوری، اعصابی کمزوری، جسمانی کمزوری کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ بالخصوص سرد مزاج مریضوں کے لیے قوت وامساک کے لیے نادر دوا ہے۔

شوگر کے مریضوں کے لیے بالخصوص مفید ہے۔ اور بے ضرر دوا ہے۔ حسب عمر اور طاقت دوائی مقدار میں کمی بیشی کر سکتے ہیں۔ غرضیکہ مردوں کے لیے ایک لاجواب نسخہ ہے۔

جس کو بالخصوص موسم سرما کا تحفہ کہا جاسکتا ہے کوشش کریں کہ اس کے دوران استعمال دودھ گھی اور مقوی اغذیہ کا استعمال زیادہ کریں۔

## (۹۶) پٹی مردانہ خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) سنگدھ ناگوری ۶ ماشہ (۲) انبہ ہلدی ۶ ماشہ (۳) سفید کنیر کی

SULEMANI.COM.PK

جڑ کا چھلکا ٦ ماشہ (٤) بیر بہوٹی ٦ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنا کر رکھ لیں اور بوقت ضرورت روغن زیتون میں کھرل کر کے لیپ بنالیں اور بطور پٹی استعمال کروائیں۔

**فوائد:**......مردانہ امراض کے لیے بیرونی استعمال کے لیے بہترین پٹی ہے۔ کم از کم ٢ ہفتہ تک استعمال کروائیں۔

## (٩٧) جریانی خاص:

**ھوالشافی:**......(١) اجوائن خراسانی ۵ تولہ (٢) سونٹھ ۵ تولہ (٣) تخم جوز ماثل ۵ تولہ (٤) مرچ سیاہ ۵ تولہ (۵) گوند کتیرا ۵ تولہ (٦) گوند کیکر ۵ تولہ (٧) پھلی کیکر ۵ تولہ (٨) موصلی سفید ۵ تولہ (٩) شیر برگد ۵ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور شیر برگد ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......١ تا ٢ گولی صبح و شام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......جریان احتلام، ذکاوت حس، سرعت انزال وغیرہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔ اگر اس دوا کے ساتھ صبح و شام خالی پیٹ ایک چمچ چھلکا اسبغول مریض کو دودھ کے ساتھ کھلایا جائے تو پھر بے حد مفید اثرات مرتب ہوتے ہیں۔

## (٩٨) تریاق سرعت مختصر:

**ھوالشافی:**......(١) تخم دھتورہ سیاہ ١ تولہ (٢) سونٹھ ١ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......دونوں کو سفوف بنالیں۔ اور اس میں ایک ڈبہ ملک پیک ١ پاؤ والا ڈال کر دوا کو دھوپ میں رکھ کر دودھ خشک کرلیں اور پھر خوب باریک پیس لیں اور ۵٠٠ ملی گرام والا کیپسول بھرلیں۔

**مقدار خوراک:**......١ کیپسول بوقت ضرورت رات کو کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ

دیں اور مستقل استعمال کے لیے کچھ عرصہ مسلسل استعمال کروائیں۔

**فوائد:**......سرعت انزال کے لیے وقتی طور پر اور مستقل استعمال سے مستقل بھی فائدہ مند ہے۔

## (۹۹)۔بے اولادی سفوف:

**ھوالشافی:**......(۱) داڑھی برگد ۱۰۰ گرام (۲) کونپل برگد ۱۰ گرام (۳) پھل برگد ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تینوں کی سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا چمچ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**...... بانجھ پن مردانہ اور بانجھ پن زنانہ کے لیے مجرب دوا ہے۔غرباء کے لیے مفت کا نسخہ ہے کم از کم ایک تا ۳ ماہ استعمال کروایا جائے۔

## (۱۰۰) حب ملٹھی خاص:

**ھوالشافی:**......(۱) سہاگہ ۲ تولہ (۲) سونٹھ ۲ تولہ (۳) ملٹھی ۲ تولہ (۴) کاکڑ سنگھی ۲ تولہ (۵) فلفل سیاہ ۲ تولہ (۶) ہلدی ۲ تولہ (۷) شکر تیغال ۲ تولہ (۸) ریوند چینی ۲ تولہ (۹) تخم جوز ماثل ۲ تولہ (۱۰) گوند کیکر ۲ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......گولیاں بقدر نخود کابلی بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا تا ۲ گولی صبح وشام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فوائد:**......نزلہ زکام کھانسی، کیرا، بلغم اور بلغمی دمہ وغیرہ کے لیے مجرب دوا ہے۔بچوں کو حسب عمر کم تعداد میں دیں اور نمکین پانی کے ساتھ دیں۔

## (۱۰۱) برائے نزلہ وکیرا دائمی نزلہ، قبض وغیرہ:

**ھوالشافی:**......(۱) پوست ہلیلہ زرد ا پاؤ لے کر اس کو روغن بادام حسب ضرورت میں اچھی طرح نیم بریاں کرلیں اور سفوف بنالیں۔اور اس میں برابر وزن مصری ملا کر رکھ

لیں۔

**مقدار خوراک:**......صبح وشام ۲ تا ۳ ماشہ صبح خالی پیٹ پانی یا قہوہ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......نزلہ، زکام کیرا، دائمی نزلہ، کمزوری دماغ، اعصابی کمزوری اور قبض کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

## (۱۰۲) حب مقوی خاص سلیمی:

**ھوالشافی:**......(۱) کچلہ مدبر اڑھائی تولہ (۲) عقرقرحا اتولہ (۳) اسگندھ ناگوری ۱ تولہ (۴) بیخ بدھارا ۱ تولہ (۵) جریان ۱ تولہ (۶) شیر برگد ۵ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور شیر برگد ملا کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۱ تا ۲ گولی صبح وشام کھانے کے بعد ہمراہ دودھ گھی استعمال کروائیں۔

**فوائد:**......تمام جسمانی کمزوریاں، مردانہ کمزوری، اعصابی کمزوری، سرعت انزال، جوڑوں کا درد، کمر درد، پٹھوں کا درد وغیرہ کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

☆......☆......☆

# مجربات خصوصی، حکیم نعیم الحق اعوان صاحب وزیرآباد

حکیم نعیم الحق اعوان صاحب میرے استاد محترم جناب حضرت مولانا محمد زمان ہزاروی صاحب رحمۃ اللہ کے بیٹے ہیں۔ آپ نے بھی اپنے والد محترم سے فن طب سیکھا ہے۔ اور آپ ایک قابل طبیب اور ماہر کشتہ جات ہیں آپ بھی استاد محترم کی طرح جڑی بوٹیوں اور کشتہ جات کے ماہر ہیں اور آپ نے بہت سیاحت کی ہے۔ آپ پہلے موضع تلواڑہ یونین کونسل سوہدرہ میں ہی مقیم تھے لیکن آج کل وزیرآباد شہر میں رہائش اختیار رکھی ہے۔ آپ ان دنوں علیل ہیں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

میں یہاں پر آپ کے چند انمول مجربات درج کر رہا ہوں امید ہے کہ قارئین کو پسند آئیں گے۔

**(۱۰۳) سفوف مغلظ منی لاجواب:**

**ھوالشافی** :...... (۱) گوند ببول ۱۰۰ گرام (۲) تخم کونچ ۱۰۰ گرام (۳) کمرکس ۱۰۰ گرام (۴) موصلی سفید ۱۰۰ گرام (۵) تخم لاجونتی ۱۰۰ گرام (۶) کشتہ بیضہ مرغ ۳۰ گرام (۷) کشتہ قلعی بھنگ والا ۳۰ گرام (۸) کشتہ صدف مرواریدی ۳۰ گرام (۹) کوزہ مصری آدھا کلو۔

**ترکیب تیاری** :...... ۳ ماشہ تا ۵ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ یہ دوا دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :...... جریان، احتلام رقت سرعت، مردانہ جراثیموں کی کمی وغیرہ کا خاتمہ کرتی ہے، منی کے تمام تر نقائص کا خاتمہ کرنے والا مجرب نسخہ ہے۔

**(۱۰۴) سفوف ثعلب:**

**ھوالشافی** :...... (۱) ثعلب مصری ۵۰ گرام (۲) ثعلب پنجہ ۵۰ گرام (۳) شقاقل

مصری ۵۰ گرام (۴) موصلی سفید ۵۰ گرام (۵) کمرکس ۵۰ گرام (۶) گوند ببول ۵۰ گرام (۷) تخم کونچ ۵۰ گرام (۸) کوزہ مصری ا پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ تا ۶ ماشہ صبح وشام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......منی کے تمام نقائص کا خاتمہ کرتی ہے، منی کو گاڑھا کر کے قدرتی امساک پیدا کرتی ہے، منی میں اولاد پیدا کرنے والے جراثیم بافراط پیدا کرتی ہے۔

## (۱۰۵) ٹھنڈک نقرئی:

**ھوالشافی:**......(۱) تخم خرفہ ۳ تولہ (۲) کشنیز ۳ تولہ (۳) تخم کاہو ۳ تولہ (۴) برگ مہندی ۳ تولہ (۵) صندل سفید ۳ تولہ (۶) کشتہ قلعی در بھنگ ا تولہ (۷) کشتہ نقرہ ۳ ماشہ (۸) کوزہ مصری ۱۰ تولہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا ماشہ تا ۲ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ ہمراہ دودھ دیں۔

**فوائد:**......تمام گرمائی امراض ہاتھ پاؤں کی جلن جریان سرعت انزال کا خاتمہ کرنے والی اکسیر ہے۔ مقوی دل ودماغ ہے۔ بے حد مفید دوا ہے۔

## (۱۰۶) ٹھنڈک پیشاب آور:

**ھوالشافی:**......(۱) قلمی شورہ ۵۰ گرام (۲) جوکھار ۵۰ گرام (۳) نوشادر ۵۰ گرام (۴) ریوند چینی ۵۰ گرام (۵) تخم مولی ۵۰ گرام (۶) کباب چینی ۵۰ گرام (۷) دال کلتھی ۵۰ گرام (۸) سنگ یہود ۵۰ گرام (۹) پھٹکڑی بریاں ۵۰ گرام (۱۰) سہاگہ بریاں ۵۰ گرام (۱۱) سنگ سرماہی ۵۰ گرام (۱۲) تخم کاسنی ۵۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کا سفوف مانند میدہ بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۲ ماشہ تا ۳ ماشہ صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی یا کچی لسی کے

ساتھ دیں۔

**فوائد** :...... یہ دوا، سوزاک، پیشاب کی جلن مثانہ، کی پتھریاں، ریت، اور گردے کی چھوٹی بڑی پتھریاں اور ہاتھ پاؤں کی جلن، یرقان ہر قسم اور تمام صفراوی امراض کا خاتمہ کرنے والی لاجواب اکسیر ہے۔

یہ دوا تمام صفراوی امراض کے لیے موثر ترین ہے۔ جس مریض کو بھی کسی بھی وجہ سے پیشاب کی جلن یا رکاوٹ ہو اس کے لیے بے حد مفید دوا ہے یہ دوا جسم میں ٹھنڈک ڈال دیتی ہے اور گرمی کا خاتمہ کرتی ہے۔

## (۱۰۷) برائے کثرت احتلام:

**ھوالشافی** :...... (۱) اجوائن خراسانی ۳ تولہ (۲) کشنیز خشک ۳ تولہ (۳) زیرہ سفید ۳ تولہ (۴) تخم بھنگ ۵ تولہ (۵) پوٹاشیم برومائیڈ ۵ تولہ۔

**ترکیب تیاری** :...... تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور ۵۰۰ ملی گرام والے کیپسول بھرلیں۔

**مقدار خوراک** :...... ایک کیپسول تا ۲ کیپسول روزانہ رات کو سوتے وقت حسب عمر اور مرض دیں۔

**فوائد** :...... کثرت احتلام کا فوری خاتمہ کرنے والی اکسیر ہے اس کے چند یوم کے استعمال سے کثرت احتلام اور ذکاوتِ حس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

## (۱۰۸) اکسیر شباب زعفرانی:

**ھوالشافی**:...... (۱) زعفران ۶ ماشہ (۲) عقر قرحا ۵ تولہ (۳) مغز جائفل ۵ تولہ (۴) دارچینی ۵ تولہ (۵) جاوتری ۵ تولہ۔

**ترکیب تیاری**:...... سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:...... ا ماشہ تا ۲ ماشہ صبح و شام بعد از غذا ہمراہ دودھ دیں۔

**فوائد** :.......اکسیر شباب ہے، جسمانی کمزوری کو دور کر کے جسم کو شاداب کر دیتی ہے، دل دماغ اور قوت باہ کے لیے لاجواب دوا ہے اور بے ضرر جڑی بوٹیوں کا مرکب ہے۔

**(۱۰۹) مصفّیٰ خاص سیرپ:**

**ھوالشافی** :.......(۱) شاہترہ ا پاؤ (۲) برگ نیم ا پاؤ (۳) سرپھوکہ ا پاؤ (۴) چرائتہ ا پاؤ (۵) منڈی بوٹی ا پاؤ (۶) ہلیلہ سیاہ ا پاؤ۔

**ترکیب تیاری** :.......تمام ادویات کو دردڑا کر لیں اور پھر ۱۰ کلو پانی میں ۱۲ گھنٹے بھگو دیں پھر آگ پر چڑھا کر اتنا پکائیں کے پانی ۶ کلو رہ جائے پھر ٹھنڈا کر کے مل چھان کر پن لیں اور اس میں ۶ کلو چینی ملا کر شربت بنالیں۔ اور بوتلوں میں بھر لیں۔

**مقدار خوراک** :.......ا تولہ صبح دوپہر شام کھانے سے پہلے تھوڑے سے پانی میں ملا کر پی لیا کریں۔

**فوائد** :.......تمام جلدی امراض خرابی خون کے امراض کالا یرقان خرابی جگر وغیرہ کے لیے بھی مفید و مجرب دوا ہے بچوں کو حسب عمر کم استعمال کروائیں۔

**(۱۱۰) غربا کے لیے مردانہ کورس:**

**ھوالشافی**:.......(۱) تالمکھانہ مصفی آدھا پاؤ (۲) عقرقرحا آدھا پاؤ (۳) موصلی سفید آدھا پاؤ (۴) چینی ڈیڑھ پاؤ۔

**ترکیب تیاری**:.......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک**:.......۶ ماشہ صبح وشام خالی پیٹ ہمراہ دودھ دیں پہلے ۱۵ یوم تا ایک ماہ یہ دوا استعمال کروائیں، بعد میں یہ حب خراطین استعمال کروائیں۔

**(۱۱۱) حب خراطین:**

**ھوالشافی**:.......(۱) خراطین مصفی ۵۰ گرام (۲) پھل برگد ۵۰ گرام (۳) داڑھی برگد ۵۰ گرام (۴) شیر برگد ۵۰ گرام

**ترکیب تیاری** :......تمام ادویات کا سفوف بنا کر شیر برگد ملا کر کابلی چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......۲ گولیاں صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :...... یہ گولیاں مقوی، مغلظ اور ممسک ہیں دونوں ادویات یکے بعد دیگر استعمال کرائیں غریبوں کے لیے بہترین مردانہ امراض کا کورس ہے۔

(۱۱۲) معجون اکسیر شباب:

یہ دوا کمالی دواخانہ کی بے مثال دوا ہے بے ضرر ہے کشتہ جات اور ہر قسم کی مضر صحت ادویات اور کیمیکل سے پاک ہے۔

**ھوالشافی** :......(۱) موصلی سفید عمدہ ۵۰ گرام (۲) شقاقل مصری ۵۰ گرام (۳) ثعلب مصری ۵۰ گرام (۴) الائچی خورد ۳۰ گرام (۵) مصطگی رومی خالص ۲۰ گرام (۶) گوند ببول دیسی ۵۰ گرام (۷) مغز پنبہ دانہ ۱۰۰ گرام (۸) شہد خالص سہ گنا ادویہ۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کا سفوف بنالیں اور شہد ملا کر معجون بنالیں۔

**مقدار خوراک**:......ا چمچ صبح وشام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :...... بے اولادی، جراثیمی کمی، جریان اور سرعت انزال اور منی کے پتلے پن کے لیے مجرب ترین دوا ہے۔

دبلے پتلے اور کمزور مریضوں کے لیے بے حد مفید دوا ہے۔ نیز مسمن بدن اور رفیق بدن ہے۔

(۱۱۳) خروج رحم کے لیے نسخہ:

**ھوالشافی**:......(۱) سنکھ ا پاؤ (۲) کیکر کے نرم پتے ۵ کلو۔

**ترکیب تیاری** :...... پتوں کو کوٹ کر نغدہ بنالیں اور تھوڑا پانی لگا کر تر کرلیں تا کہ ان

میں نمی پیدا ہو جائے پھر ایک پاؤ بہترین قسم کا سنکھ لے کر وہ ان کے درمیان رکھ کر ۲۰ کلو اوپلوں کی گل حکمت کر کے آگ دے لیں، کشتہ ہوگا نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

**فوائد:**......تمام جسمانی زہروں کا تریاق ہے، بالخصوص عورتوں کے خروج رحم کے لیے مجرب دوا ہے۔

۱ ماشہ کیپسول میں بھر کر صبح وشام مریضہ کو کھلائیں اور اس کے بعد ۲ چمچ سرسوں کا تیل پلا دیں۔ چند یوم کے استعمال سے ان شاء اللہ خروج رحم جیسے سنگین مرض کا خاتمہ ہوگا۔

نیز یہ نسخہ جانوروں کے لیے بھی مفید ہے ان کے لیے یہ ترکیب ہے کہ جس گائے کا بھینس کا رحم باہر آجاتا ہو اس کو ۱ چمچ یہ دوا اور آدھا پاؤ سرسوں کا تیل روزانہ کھلائیں ان شاء اللہ ۵ یوم بعد اس خطرناک مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔ دوا احتیاطاً ۷ یوم تک کھلائیں۔

## (۱۱۴) دوائے لیکوریا مجرب:

**ھوالشافی:**......(۱) مائیں ۱ پاؤ (۲) مازو ۱ پاؤ (۳) کتھ سفید ۱ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......۳ ماشہ یہ دوا صبح وشام کھانے سے قبل دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......لیکوریا کے لیے بے حد مفید اور مجرب خاص الخاص ہمہ وقت کا کمالی دواخانہ میں استعمال ہونے والا نسخہ ہے۔ اس کے استعمال سے شاید ہی کوئی ایسی مریضہ ہو جس کو فائدہ نہ ہو، ورنہ ہر مریضہ پر بہترین رزلٹ ملا ہے۔ اگر اس کے دوران استعمال قبض ہو جائے تو دودھ کا استعمال کریں یا رات کو سوتے وقت ایک چمچ چھلکا اسبغول مریضہ کو دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

## (۱۱۵) دوائے جریان مجرب:

**ھوالشافی:**......(۱) ستاور ۵۰ گرام (۲) ہلیلہ سیاہ بریاں ۵۰ گرام (۳) گوند کیکر بریاں ۵۰ گرام (۴) گوند کتیرا بریاں ۵۰ گرام (۵) کوزہ مصری ۱ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اچمچ صبح وشام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......جریان کے لیے بے حد مفید نسخہ ہے، مغلظ منی بھی ہے۔

(۱۱۶) دوائے لیکوریا مختصر:

**ھوالشافی:**......(ا) دیسی کیکر کی گوند دیسی گھی میں بریاں کرلیں۔

**ترکیب تیاری:**......اور سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اچمچ صبح وشام خالی پیٹ دودھ کے ساتھ دیں کم از کم ۳ ہفتہ تک کھلائیں۔

**فوائد:**......لیکوریا کے لیے آسان ترین اور بے ضرر مجرب ترین نسخہ ہے اگر لیکوریا پانی کی طرح اور بہت زیادہ بہتا ہو تو پھر اس میں برابر وزن پھلی کیکر بھی ملا سکتے ہیں جس سے فوری موثر دوا تیار ہو جائے گی۔

(۱۱۷) حب مقوی باہ:

**ھوالشافی:**......ریگ ماہی نرا تولہ (۲) جند بیدستر ا تولہ (۳) بیر بہوٹی ا تولہ (۴) زعفران ۳ ماشہ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام ادویات کو باریک پیس کر چنے برابر گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......ا گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:**......بہترین مقوی باہ ہے۔اس کے ساتھ طلائے اعظم خاص استعمال کروائیں تو بے حد فوائد کا حامل ہوگا۔

(۱۱۸) طلائے اعظم خاص زعفرانی:

**ھوالشافی:**......(ا) مغز جائفل ا تولہ (۲) جاوتری ا تولہ (۳) لونگ ا تولہ (۴) دارچینی ا تولہ (۵) عقرقرحا ا تولہ (۶) ریگ ماہی ا تولہ (۷) بیر بہوٹی ا تولہ (۸) چھوہارے ا

تولہ (۹) کچلہ ثابت اچھا تک (۱۰) انڈے دیسی کی زردیاں ۱۰ عدد (۱۱) روغن کنجد ڈیڑھ پاؤ

**ترکیب تیاری**:.......تمام ادویات کو دردڑا کر کے تلوں کے تیل میں ہلکی آنچ پر جلا لیں اور پھر تیل کو پن چھان کر علیحدہ کر لیں اور اس میں جند بیدستر خالص ا تولہ، زعفران خالص کشمیری آدھا تولہ مانند غبار کھرل کر کے ملا لیں اور خوب کھرل کریں، بس یہ طلائے اعظم خاص زعفرانی تیار ہے۔

**ترکیب استعمال**:.......عضو مخصوص کو اچھی طرح صاف کر کے چند قطرے اس روغن کی مالش اچھی طرح کریں اور اوپر پان کا پتہ نیم گرم کر کے یا ارنڈ کا پتہ نیم گرم باندھ لیں اسی طرح مسلسل ایک ماہ تک اگر اس طلاء کا استعمال کر لیا جائے تو حیران کن نتائج کا باعث بنتا ہے۔ نیز مالش کرتے وقت حشفہ کو چھوڑ کر مالش کریں اور اگر موسم سرما میں استعمال کروائیں تو پھر طلاء کو ہلکا گرم کر لیں۔

**ضروری نوٹ**:.......اگر اس طلاء کے چند یوم کے بعد کسی کو عضو مخصوص پر ہلکی سی خارش یا دانوں کی شکایت ہو تو پریشان نہ ہوں بلکہ اس کے استعمال کو جاری رکھیں اگر دانے زیادہ ہو جائیں تو پھر صرف رات کو ایک دفعہ استعمال کر لیا کریں اور صبح عضو پر زیتون کا تیل ہلکا سا لگا دیں اور پٹی نہ باندھیں اس طرح اس کا کورس مکمل کر لیں۔ اگر کوئی مریض حد سے زیادہ نازک طبع ہو تو اس کو ۱۰ یوم طلاء استعمال کروا کر ۱۰ دن ناغہ کروا کر اس طرح تیس یوم کا کورس کروا لیں۔

☆......☆......☆

# جناب حکیم پیر سید اسرار حسین شاہ صاحب دیپالپور کے خصوصی مجربات

حکیم سید اسرار حسین شاہ صاحب کا تعلق سلسلہ قادریہ سے ہے اور آپ کا گھرانہ اپنے علاقے کا مشہور پیر گھرانہ ہے، آپ کے خاندان میں پیری کے ساتھ ساتھ طبابت بھی خاندانی طور پر چلی آ رہی ہے، آپ کے پورے پاکستان اور پاکستان سے باہر بھی مریدین اور پیروکار ہیں، آپ ایک باعمل عالم دین ہونے کے ساتھ ساتھ ایک منجھے ہوئے خاندانی طبیب بھی ہیں، آپ کے میرے ساتھ تعلقات انتہائی شفقت اور محبت کے ہیں۔ میں آپ کو اپنا بھائی سمجھتا ہوں آپ بھی میرے ساتھ بے حد شفقت فرماتے ہیں اور مجھے ہمیشہ بھائیوں کی طرح ہی پیار کرتے ہیں، آپ طبی معاملات میں اکثر میرے ساتھ مشاورت کرتے رہتے ہیں۔

آپ نے اس کتاب کے لیے چند مجربات جو کہ ان کے خاندانی اور سالہا سال سے مجرب ہیں عنایت کیے ہیں میں ان کو شکریہ کے ساتھ یہاں درج کر رہا ہوں۔

(۱۱۹) حب بہار شفاء:

**ھوالشافی**:......(۱) میٹھا تیلیہ ا تولہ (۲) شیر مدار آدھا پاؤ (۳) چینی اکلو۔

**ترکیب تیاری** :......سب سے پہلے میٹھا تیلیہ کو انتہائی باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں اور اب شیر مدار ملا کر کھرل کر لیں کہ شیر مدار خشک ہو جائے میٹھا تیلیہ مدبر ہو جائے گا، اب اس میں چینی ملا کر خوب کھرل کریں یا مشین پر اس کی پسائی کریں کہ تینوں چیزیں یکجان ہو جائیں۔بس بہار شفا تیار ہے خوراک ۲۵۰ ملی گرام والے کمر کیپسول بھر لیں۔

**مقدار خوراک**:......اکیپسول صبح دوپہر شام کھانے کے بعد پانی یا دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :......اس نسخہ کے بے شمار فوائد ہیں۔ ایک عقلمند طبیب اس نسخہ کو بے شمار امراض پر استعمال کرسکتا ہے۔ بالخصوص تمام صفراوی امراض جریان خون ہر قسم صفراوی دردیں، اور ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے کوئی بھی عارضہ ہو تو یہ لاجواب دوا ہے کوئی بھی مرض ہو ساتھ ہائی بلڈ پریشر ہو تو یہ دوا ہوگی۔

**نوٹ**:......چھوٹے بچوں کو یہ دوا استعمال نہ کروائیں۔

(۱۲۰) اکسیر اٹھرا:

**ھوالشافی** :......(۱) دھاسہ ۵۰ گرام (۲) رسونت عمدہ ۵۰ گرام (۳) مصبر اعلیٰ ۵۰ گرام (۴) سنگدانہ مرغ ۵۰ گرام

**ترکیب تیاری**:......سفوف بنا کر شہد کے ہمراہ نخود ی گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک** :......ا گولی روزانہ شام کو دودھ کے ساتھ دیں۔ مسلسل ۹ ماہ کھلائیں۔ اور ساتھ مریضہ کو کشتہ گئوذنتی در بھٹکل بوٹی ۴ رتی صبح نہار منہ ہمراہ مربہ آملہ یا شربت انجبار دیں۔

**فوائد** :......اٹھرا کے لیے شاہ صاحب کا خاندانی نسخہ ہے جو کہ ہزاروں مریضوں پر استعمال ہو چکا ہے بفضلہٖ تعالیٰ کبھی خطا نہیں جاتا۔

(۱۲۱) حب کمال:

**ھوالشافی** :......(۱) کشتہ صدف مرواریدی در عرق گلاب ۱۰۰ گرام (۲) شاخ اصلی ۵۰ گرام (۳) مروارید ۲۰ گرام (۴) کشتہ چاندی در آب ثمر آملہ ۱۰ گرام یا ورق چاندی خالص ۱۰ گرام (۵) عرق گلاب آتشہ خالص ۲ بوتل۔

**ترکیب تیاری**:......تمام ادویات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے صلایہ بنالیں تیار ہے۔

**مقدار خوراک** :......ا رتی سے ۲ رتی تک در مکھن بادام اور مصری کی چٹنی کے ساتھ دیں روزانہ نہار منہ کھلانے سے حاملہ کے لیے اس کے حمل کی حفاظت اور بفضلہٖ تعالیٰ چاند

SULEMANI.COM.PK

سے بیٹے کی خوشخبری ہے اوراس کے علاوہ عورتوں مردوں کے اکثر امراض میں بے مثال دوا ہے۔ تمام صفراوی امراض قلب ودماغ اورامراض جگر کے لیے لاجواب دوا ہے۔

**(۱۲۲) حب مغلظ خاص اسراری:**

**ھوالشافی** :......(۱) عقرقرحا ۵۰ گرام (۲) ست ملٹھی ۵۰ گرام (۳) موصلی سفید ۵۰ گرام (۴) ثعلب دانہ ۵۰ گرام (۵) سفوف ریش برگد ۵۰ گرام (۶) افیون ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:**......سفوف بنا کرنخوذی گولیاں بنالیں۔

**مقدار خوراک:**......اتا ۲ گولی صبح وشام کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ دیں۔

**فوائد** :......بہترین مغلظ اوردافع جریان احتلام اورسرعت انزال ہے۔ چھوٹے بچوں کی پیچش کے لیے ہمارے بزرگوں کا معمول تھا اوراب بھی ہمارا معمول ہے۔

**(۱۲۳) اکسیر بخار:**

**ھوالشافی** :......(۱) کشتہ گئو دنتی درآب نیم ۲ کلو میں ایک بوتل عرق اجوائن جس میں نوشادر ۵۰ گرام حل کیا ہو ڈال کرتر خشک کریں یہ اکیلا بھی آدھا ماشہ سے ماشہ تک اکثر بخاروں میں بے مثال ہے۔

مگراس میں کشتہ بارہ سنگھا درشیر مدار اگر ۵ حصہ یہ کشتہ گئو دنتی اورا حصہ کشتہ بارہ سنگھا ملا لیں تو اکسیر بخار تیار ہے جو کہ ہرقسم کے بلغمی بخاروں صفراوی بخاروں، ٹائیفائیڈ میں مختلف بدرقہ سے استعمال کروائیں بے مثال دوا ہے۔

**(۱۲۴) بے بی ٹانک:**

**ھوالشافی** :......(۱) آب کھجورا پاؤ (۲) آب انارا پاؤ (۳) آب مالٹاا پاؤ (۴) آب انگورا پاؤ (۵) آب سیب ا پاؤ (۶) آب گاجرا پاؤ (۷) شہد خالص ۳ پاؤ۔

**ترکیب تیاری:**......تمام کو ملا کر شربت کا قوام بنا کرمحفوظ رکھیں۔ بچوں کی کمزوری سوکڑا دبلا پن اور چہرے کونکھارنے کے لیے بے مثال ہے۔ بڑے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

اس بے مثال ٹانک کے بے شمار فوائد ہیں۔

**(۱۲۵) آب کھجور بنانے کا طریقہ:**

**ھوالشافی** :......(ا) کھجور ا پاؤ لے کر باریک کتر لیں اور اس میں اکلو پانی ڈال کر اس کو اچھی طرح پکا لیں کہ پانی تقریباً ا پاؤ رہ جائے تو کپڑے میں ڈال کر مل چھان کر پانی نکال لیں یہی آب کھجور ہے، یہ شامل نسخہ کر لیں۔

یہ لاجواب نسخہ بچوں اور بڑوں کے لیے بے حد مجرب ہے بچوں کے لیے ایک لاجواب اکسیر ہے۔ آپ استعمال کریں اور فقیر کے حق میں اور حکیم شہباز حسین اعوان کمالی صاحب کے لیے دعا کریں کہ جن کی معرفت آپ کو ایسے لاجواب اور انمول سینہ کے راز نسخہ جات ملے ہیں۔

☆......☆......☆


## ضروری اطلاع

حکیم شہباز حسین اعوان کمالی صاحب نے لاہور میں اپنے مطب کا آغاز کر دیا ہے جہاں پر وہ ہر قسم کے مریضوں کا علاج معالجہ کرتے ہیں۔

**ایڈریس لاہور**: کمالی مرکز، نزد فیضانِ مدینہ، رحمٰن سٹی فیز 6 بالمقابل کالج روڈ، رچنا ٹاؤن، جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور، فون: 0300-6264360

ملاقات صرف ہر ماہ کے پہلے اتوار صبح 9 بجے تا 5 بجے شام لاہور

**ایڈریس سوھدرہ**: کمالی مرکز، نزد ویگن اڈہ، سوہدرہ، تحصیل وزیر آباد، ضلع گوجرانوالہ

سوہدرہ ملاقات کے لیے پہلے فون پر ٹائم ضرور لیں۔



## حکیم شہباز حسین اعوان کمآلی سوہدروی

شاگرد رشید

## حکیم محمد یٰسین دنیا پوری رحمۃ اللہ علیہ

Mob: 0300-6264360

# تعارف

حکیم شہباز حسین اعوان کمآلی سوہدروی کا شمار پاکستان کے معروف طبیبوں میں ہوتا ہے۔ آپ اُستاذُ الحکماء حکیم محمد یٰسین دُنیا پوریؒ مصنف طبی کتب کثیرہ کے شاگرد رشید ہیں۔ آپ ملک بھر میں شہرت رکھتے ہیں اور پشاور سے لے کر کراچی تک لوگ علاج معالجہ کے لئے آپ کے پاس سوہدرہ آتے ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو علم طب میں مہارت کے ساتھ ساتھ دستِ شفاء سے بھی نوازا ہے۔ آپ دُکھی انسانیت کی خدمت کے ساتھ ساتھ صدقہ جاریہ کے طور پر اپنے تجربات ومشاہدات سے دوسرے طبیب بھائیوں کو آگاہ کرنے کے لیے طبی کتب بھی لکھ رہے ہیں۔ آپ کی لکھی ہوئی طبی کتب نے ملک بھر میں مقبولیت حاصل کی ہے اوران کے کئی ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں۔ ادارہ مطبوعات سلیمانی آپ کی لکھی ہوئی کتب شائع کررہا ہے۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

- گائیڈ قانون مفرد اعضاء مع شاہکار مجربات
- چوٹی کے مجربات اوّل ودوم
- بیاضِ شہباز
- مردوں کی بیماریاں اور اُن کا علاج
- رہنمائے مطب
- سحر قانون مفرد اعضاء
- ہیپاٹائٹس (کالا یرقان) B.C کے مجربات
- 100 مجرب نسخے
- مجربات شہباز
- **شوگر** کے مجرب نسخے
- حجامہ سُنّت بھی علاج بھی
- مجربات معجز نما

# ادارہ مطبوعات سُلیمانی

رحمان مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور • فون: 042-37232788
042-37361408 E-mail: sulemani@gmail.com
www.sulemani.com.pk, facebook.com/sulemani5